**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

مورخہ 10.07.2025

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | پشین کو دو اضلاع میں تقسیم کرنا اور نئے ڈویژن کا قیام عوام کا حق ہے، جعفر مندوخیل | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | حقیقی تبدیلی لاکر نظام کو عوامی خدمت کے تابع کرنا ہے، سرفراز بگٹی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | ہم چاہتے ہیں کہ ہمارے بچے باہر سے اعلیٰ تعلیم حاصل کریں، راحیلہ درانی | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 04 | سوشل میڈیا پر میرے خلاف جھوٹا پروپیگنڈا کیا جارہا ہے، نور محمد دمڑ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | محکمہ صحت کو جدید خطوط پر استوار کرنا اولین ترجیح ہے، بخت محمد کاکڑ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | کسی بھی این جی اوز کی رجسٹریشن منسوخ نہیں کی ہے، محمد سلیم کھوسہ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | گوادر میں مچھلی بڑی مقدار میں ضائع ہورہی ہے، وفاقی وزیر بحری امور | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | محکمہ ایکسائز کو جدید بنانے کیلئے کوشاں ہیں، میر محمد خان لہڑی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | اجیت دوول بلوچستان میں دہشتگردوں کی سرپرستی کررہا ہے، ڈی جی آئی ایس پی آر | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | پاک ایران تجارتی حجم بڑھانے کیلئے مشترکہ اقدامات ناگزیر ہیں، علی رضا رجائی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | بلوچستان میں سرمایہ کاری کیلئے تیار قطر کو خوش آمدید کہیں گے، بلال کاکڑ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | بارکھان میں ٹارگٹڈ آپریشن، کالعدم تنظیم کے چار دہشت گرد گرفتار | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | محکمہ قانون کے افسران کی سول سیکرٹریٹ میں تعیناتی، ٹینیور پالیسی نظرانداز | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | چمن کے عوامی مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرینگے، عبدالخالق اچکزئی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | پاکستان پوسٹ اور محکمہ تعلقات عامہ بلوچستان کے مابین ڈاک بھجوانے کے معاہدہ پر دستخط | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | عوام کے مسائل نچلی سطح پر حل کرنے کیلئے کوآرڈینیشن کمیٹیاں قائم | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | رجسٹریشن کرنے والے پرائیویٹ سکولز کو سیل کردیا جائے گا، ڈی سی نصیرآباد | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | ترقیاتی عمل کو شفاف بنانے میں صحافیوں کا کردار کلیدی حیثیت رکھتا ہے، سیکرٹری اطلاعات | جنگ ودیگر اخبارات |
| 19 | عوام کو انصاف اور حقوق کی فراہمی تک جدوجہد جاری رہے گی، ہدایت الرحمٰن | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

حب نامعلوم افراد نے پولیس اہلکار کی گاڑی کے نیچے بم نصب کردیا، دکی گولیوں سے چھلنی تین لاشیں برآمد، بی میں پولیس چوکی پر دستی بم پھینک دیا گیا اہلکار معجزانہ طور پر محفوظ رہے، تربت موٹر سائیکل سواروں کا گھر پر دستی بم سے حملہ پانچ افراد زخمی

## عوامی مسائل:

قلات گندے پانی کی فراہمی کے باعث وبائی امراض پھوٹ پڑے، خضدار کے کئی علاقہ مکین گزشتہ کئی روز سے پانی کی بوند بوند کرترسنے لگے۔

CamScanner

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ** 10.07.2025

**اداریہ:**

روزنامہ میزان کوئٹہ نے " **مون سون بارشیں ،حادثات میں سات افراد جاں بحق** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ بلوچستان میں حالیہ مون سون بارشیں کے دوران مختلف حادثات میں سات جاں بحق اور سات زخمی ہوگئے ہیں ،صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی پی ڈی ایم اے کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق طوفانی ہواں ،آسمانی بجلی گرنے اور سیلابی ریلوں نے صوبے کے کئی اضلاع میں شدید نقصانات پہنچائے ہیں رپورٹ کے مطابق ضلع واشک میں پانچ مکانات مکمل طور پر منہدم ہوگئے جبکہ واشک ،لورالائی اور سوراب میں مکانات زرعی زمینیں اور سولر پینلز بھی متاثر ہوئے ہیں پی ڈی ایم اے حکام کا کہنا ہے کہ متاثرہ اضلاع میں ریسکیو آپریشنز جاری ہیں اور متاثرین کو بروقت امداد فراہم کرنے کیلئے اقدامات کئے جارہے ہیں پی ڈی ایم اے نے تمام متعلقہ اداروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے مکمل طور پر الرٹ رہیں اور امدادی سرگرمیوں میں مزید تیزی لائی جائے حکام نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ مون سون بارشوں کے دوران احتیاط برتیں اور نشیبی علاقوں میں جانے سے گریز کریں تا کہ جانی و مالی نقصان سے بچا جاسکے بلوچستان کے اضلاع واشک ،لورالائی اور موسیٰ خیل میں موسلا دھار بارشوں کے دوران آسمانی بجلی اور دیوار گرنے سے ایک بچی اور دو نوجوان جاں بحق ہوگئے ،صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے مطابق بلوچستان کے مختلف اضلاع میں حالیہ بارشوں ،طوفانی ہواں اور آسمانی بجلی گرنے کے باعث کئی علاقوں میں نقصانات کی اطلاعات موصول ہوئیں پی ڈی ایم اے حکام نے بتایا کہ آبی ریلوں سے متعدد مکانات کو نقصان پہنچا جب کہ ضلع واشک میں فلیش فلڈ کے باعث رہائشی مکانات ،چاردیواروں اور زرعی زمینوں کو جزوی نقصان پہنچا ،نقصانات کا حتمی تخمینہ لگانے کیلئے سروے کا عمل جاری ہے۔

**اداریے :**

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**بلوچستان میں کسی بھی شاہراہ کو احتجاج کے نام پر بند کرنے کی اجازت نہیں دینگے** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "**علاقائی امن واستحکام :بھارت عزائم اورپاکستان کاذمہ دارانہ کردار** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Balochistan's Pine forests" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 10 JUL 2025 Page No. 1




گورنر جعفر خان مندوخیل صوبائی وزراء میر سلیم کھوسہ، میر عاصم کرد گیلو، میر شعیب نوشیروانی، محمد خان لہڑی اور راحیلہ درانی پشین میں عوامی جرگے سے خطاب کر رہے ہیں

# پشین کو 2 اضلاع میں تقسیم کرنا اور نئے ڈویژن کا قیام عوام کا حق ہے، جعفر مندوخیل

**پشین کی آبادی تیز سے بڑھ رہی ہے، یہاں ایڈمنسٹریٹو امور کی تقسیم وقت کی ضرورت ہے، گورنر**

**ضلع کے عوام کے ساتھ ہماری پرانی اور گہری وابستگی ہے، تعلیم وصحت کے مسائل کا حل اولین ترجیح**

**جدید ٹیکنالوجی استعمال کرکے ڈسٹرکٹ پشین کو ایک رول ماڈل بنانا چاہتے ہیں، عوامی جرگے سے خطاب**

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل ڈسٹرکٹ پشین میں عوامی جرگہ سے خطاب کرتے ......... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

ہوئے کہا کہ آج میرے دورے کا مقصد پشین کے عوام کو درپیش مشکلات خاص طور سے صحت، تعلیم اور امن وامان سے متعلق حقائق کا براہ راست جائزہ لینا اور ان کے حل کی راہ تلاش کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشین کے عوام کے ساتھ ہماری پرانی اور گہری وابستگی ہے یہاں کے مجھے وہی قربت اور عزت دیتے ہیں جو ہمارے اپنے علاقے ژوب میں ملتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپ کے مسائل سے آگہی اور ان کے جلد از جلد حل کیلئے آج میرے ساتھ پاکستان مسلم لیگ ن سے تعلق رکھنے والے متعدد صوبائی وزرا بھی تشریف لائے ہیں جس کیلئے میں اپنے تمام صوبائی وزرا کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ ضلع پشین کی آبادی تیزی سے پھیل رہی ہے اور یہاں ایڈمنسٹریٹو امور کی تقسیم وقت کی ضرورت ہے اور پشین کو دو اضلاع میں تقسیم کرنا اور ایک نئے ڈویژن کا قیام آپ کا حق ہے۔ میں ہر مرحلے پر اس کی ہر ممکن حمایت کروں گا۔ تمام مسائل کا فوری حل ممکن نہیں ہے تاہم جس حد تک ممکن ہے ہم کچھ مسائل کو حل کر رہے ہیں

## گورنر کا پشین یونیورسٹی آف بلوچستان کے سب کیمپس کا دورہ

**صوبائی وزراء سلیم کھوسہ، شعیب نوشیروانی کے ہمراہ مختلف شعبوں کا معائنہ**

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ یہ بات خوش آئند ہے کہ ڈسٹرکٹ پشین میں نئی ہائیر ایجوکیشن کی دلچسپی کا مظاہرہ کر رہی ہے اور سب کیمپس میں طلباء وطالبات کی تعداد بڑی تیزی سے بڑھ رہی ہے۔ ضرورت اس بات کی یونیورسٹی کیلئے مستقبل کی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے مناسب آراضی فراہم کی ......... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

جائے۔ اس تناظر میں ہم نے طے کیا ہیں کہ بڑی اراضی فراہم کرکے دو میل اور مکمل کیمپس کے قیام کو عمل میں لایا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈسٹرکٹ پشین میں یونیورسٹی آف بلوچستان کے سب کیمپس کے دورے کے موقع پر کیا۔ صوبائی وزرا میر سلیم کھوسہ، شعیب نوشیروانی، راحیلہ حمید خان درانی، میر عاصم کرد گیلو، محمد خان لہڑی، یونیورسٹی آف بلوچستان کے وائس چانسلر ڈاکٹر ظہور بازئی اور ڈائریکٹر سب کیمپس ڈاکٹر نجیب اچکزئی اور ڈین فیکلٹی ڈاکٹر ایوب بھی گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کے ہمراہ تھے۔ اس موقع پر گورنر نے کہا کہ آپ سب کیمپس میں اسٹوڈنٹس کی بڑھتی ہوئی تعداد اور جدید عہد کے تقاضوں کے مطابق نئی ٹیکنالوجیز اور خاص طور سے آرٹیفیشل انٹیلیجنس کو اختیار کیا جائے

CLIPP

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تـ
حکومت بلـ

Bullet No. 1

Page No. 2


THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

جلد 54 | جمعرات 14 محرم الحرام 1447ھ 10 جولائی 2025ء | نمبر 186


گڈ گورننس کیلئے بڑے پیمانے پر اصلاحات ناگزیر

سرفراز بگٹی

# حقیقی تبدیلی لاکر نظام کو عوامی خدمت کے تابع کرنا ہے

میرٹ کو اتنا مضبوط بنائیں گے کہ کسی کو سفارش کی ضرورت نہ پڑے، زرعی ٹیوب ویلوں کے منصوبے میں کرپشن کا ایک فیصد عنصر بھی شامل نہیں

زمینی حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے نظام میں بہتری لا رہے ہیں، فنڈز کے ضیاع کا تاثر ختم، ترقیاتی اسکیموں کی مانیٹرنگ کی جائیگی، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبے میں گڈ گورننس اور موثر سروس ڈیلیوری کے قیام کے لیے بڑے پیمانے پر اصلاحات ناگزیر ہو چکی ہیں اس مقصد کے لیے ہم اصلاحاتی ایجنڈے کو ہر صورت میں آگے بڑھائیں گے تاکہ حکومتی نظام پر عوام کا اعتماد بحال ہو ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو یہاں تمام محکموں کے انتظامی سیکرٹریز کے اہم اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات و منصوبہ بندی زاہد سلیم، چیئرمین چیف منسٹر انسپکشن ٹیم محمد علی سمیت تمام محکموں کے سیکرٹریز نے شرکت کی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ہر محکمہ اپنی اسکیموں کی ذمہ داری قبول کرے کیونکہ ان ترقیاتی منصوبوں کی اصل اونرشپ متعلقہ محکموں اور ان کے سیکرٹریز کی ہے انہوں نے واضح کیا کہ ترقیاتی منصوبوں کی شفافیت اور کارکردگی کو یقینی بنانے کے لیے نہ صرف مسلسل مانیٹرنگ کی جائے گی بلکہ وفاقی اور غیر ملکی فنڈڈ اسکیموں کی پیش رفت کا بھی باقاعدگی سے جائزہ لیا جائے گا وزیراعلیٰ نے کہا کہ گزشتہ مالی سال میں ہم نے ترقیاتی فنڈز کے مکمل اور بروقت استعمال کا تاریخی ریکارڈ قائم کیا جس سے بلوچستان میں فنڈز کے ضیاع یا غیر موثر استعمال سے متعلق منفی تاثر ختم ہوا ہے انہوں نے کہا کہ اگرچہ مثالی اور تصوراتی گورننس کا فریم ورک فوری طور پر قابل عمل نہیں تاہم ہم بلوچستان کے زمینی حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے نظام میں بہتری لانے کے لیے سنجیدہ اقدامات کا تسلسل برقرار رکھیں گے انہوں نے چیف منسٹر انسپکشن ٹیم اور مانیٹرنگ وایولوشن یونٹس کو ہدایت کی کہ وہ مربوط حکمت عملی کے تحت منصوبوں کے معیار اور رفتار پر کڑی نظر رکھیں تاکہ عوام کو ان منصوبوں کے حقیقی ثمرات حاصل ہو سکیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہم رواں مالی سال میں بھی ترقیاتی منصوبوں پر تیز رفتاری سے کام کریں گے وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ تمام مجوزہ و منظور شدہ اسکیموں کی 99 فیصد ٹیکنیکل اپروول 25 جولائی تک یقینی بنائی جائے اور آئندہ اجلاس میں پیش رفت سے آگاہ کیا جائے انہوں نے انتظامی سیکرٹریز کو ہدایت کی کہ گزشتہ مالی سال کی خامیوں کا تنقیدی جائزہ لیا جائے اور ان سے سبق سیکھ کر کارکردگی کو مزید بہتر بنایا جائے انہوں نے کہا کہ حکومت کو اپنے افسران کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں پر مکمل اعتماد ہے تاہم درست جگہ پر درست افسر کی تعیناتی کے فارمولے کو اپناتے ہوئے کارکردگی کو فیصلہ کن معیار بنایا جا رہا ہے وزیراعلیٰ نے واضح کیا کہ پوسٹنگ اور تعیناتی کا دورانیہ مخصوص تاہم افسران کی کارکردگی سے مشروط ہوگا میرٹ کو اتنا مضبوط بنائیں گے کہ کسی افسر کو تعیناتی کے لیے سفارش یا سہارے کی ضرورت پیش نہ آئے چیف منسٹر یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام کا ذکر کرتے ہوئے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ یہ پروگرام نوجوانوں کے روشن مستقبل کی بنیاد ہے اور اس پر موثر عملدرآمد متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے انہوں نے ہدایت کی کہ رواں مالی سال میں اس پروگرام کو فعال و بارآور بنانے کے لیے اس کی رفتار بڑھائی جائے اور موجود خامیوں کی نشاندہی کر کے ان کو دور کیا جائے انہوں نے کہا کہ نئے اسسٹنٹ کمشنرز کی تربیت مکمل ہونے کے بعد انہیں فیلڈ میں تعینات کیا جائے گا وزیراعلیٰ نے نوجوان افسران کو تلقین کی کہ وہ عوامی خدمت کو اپنا مشن بنائیں اور خلوص نیت کے ساتھ دستیاب وسائل میں بہترین کارکردگی دکھائیں، وزیراعلیٰ نے زرعی ٹیوب ویلوں کی شمسی توانائی پر منتقلی کے منصوبے کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ شفافیت کو فروغ دیتے ہوئے اس اسکیم میں اسٹیٹ بینک کے ذریعے براہ راست رقومات متعلقہ افراد کو منتقل کی گئیں جس میں کمیشن یا کرپشن کا ایک فیصد عنصر بھی شامل نہیں تھا انہوں نے کہا کہ ایسے موثر اور شفاف میکانزم کو فروغ دیا جائے گا تاکہ عوام کا اعتماد بحال ہو اور کرپشن کا ممکنہ ادراک ممکن ہو وزیراعلیٰ نے افسران کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ ہم سب کو ایک ٹیم کی طرح کام کرنا ہے کیونکہ ہماری جدوجہد کا مرکز وہ عام بلوچستانی ہے جو گرمی میں جھلستا اور سردی میں ٹھٹھرتا ہے ہمیں اس کے لیے حقیقی تبدیلی لانی ہے اور نظام حکومت کو عوامی خدمت کے تابع کرنا ہے۔



کوئٹہ، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی انتظامی سیکرٹریز کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



کوئٹہ، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک ملاقات کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے چیئرمین عزت اللہ امان بگٹی اور میر جمال خان بگٹی ملاقات کر رہے ہیں

## وزیراعلیٰ سے ڈاکٹر مالک کی ملاقات

## صوبے کی مجموعی صورتحال پر تبادلہ خیال

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے نیشنل پارٹی کے سربراہ اور رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے بدھ کے روز یہاں ملاقات کی۔ ملاقات میں صوبے کی مجموعی صورتحال، ترقیاتی عمل، عوامی مسائل اور باہمی دلچسپی کے دیگر اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبے کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے اور عوامی فلاح و ترقی کے اہداف کے حصول کے لیے تمام جمہوری قوتوں کا اشتراک عمل ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی کے لیے سنجیدہ، تعمیری اور اشتراک پر مبنی سیاسی ماحول پیدا کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

CamScanner

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

جلد 54 | جمعرات 14 محرم الحرام 1447ھ 10 جولائی 2025ء | صفحات 08 | شمارہ 05

رجسٹرڈ BC-m-13 | Email: mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345, 081-2827344 | قیمت 30 روپے

# ترقیاتی منصوبوں کی شفافیت اور کارکردگی کو یقینی بنانے کیلئے مسلسل مانیٹرنگ کی جائیگی، وزیراعلیٰ

فنڈز کے بروقت استعمال کا تاریخی ریکارڈ قائم کیا

صوبے میں گڈ گورننس اور موثر سروس ڈیلیوری کے قیام کے لیے بڑے پیمانے پر اصلاحات ناگزیر ہو چکی ہیں اس مقصد کے لیے ہم اصلاحاتی ایجنڈے کو ہر صورت میں آگے بڑھائیں گے، میر سرفراز بگٹی

ہر محکمہ اپنی اسکیموں کی ذمہ داری قبول کرے کیونکہ ترقیاتی منصوبوں کی اصل اونرشپ متعلقہ محکموں اور ان کے سیکرٹریز کی ہے، وفاقی اور غیر ملکی فنڈڈ اسکیموں کی پیش رفت کا باقاعدگی سے جائزہ لیا جائے

اگرچہ مثالی اور تصوراتی گورننس کا فریم ورک فوری طور پر قابل عمل نہیں اسکے باوجود ہم بلوچستان کے زمینی حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے نظام میں بہتری لانے کے لیے سنجیدہ اقدامات کا تسلسل برقرار رکھیں گے

ہماری جدوجہد کا مرکز وہ عام بلوچستانی ہے جو گرمی میں جھلستا اور سردی میں ٹھٹھرتا ہے، ہمیں اس کے لیے حقیقی تبدیلی لانی، نظام حکومت کو عوامی خدمت کے تابع کرنا ہے، انتظامی سیکرٹریز کے اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبے میں گڈ گورننس اور موثر سروس ڈیلیوری کے قیام کے لیے بڑے پیمانے پر اصلاحات ناگزیر ہو چکی ہیں اس مقصد کے لیے ہم اصلاحاتی ایجنڈے کو ہر صورت میں آگے بڑھائیں گے تاکہ حکومتی نظام پر عوام کا اعتماد بحال ہو ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو یہاں تمام محکموں کے انتظامی سیکرٹریز کے اہم اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات و منصوبہ بندی زاہد سلیم، چیئرمین چیف منسٹر انسپکشن ٹیم محمد علی سمیت تمام محکموں کے سیکرٹریز نے شرکت کی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ہر محکمہ اپنی اسکیموں کی ذمہ داری قبول کرے کیونکہ ان ترقیاتی منصوبوں کی اصل اونرشپ متعلقہ محکموں اور ان کے سیکرٹریز کی ہے انہوں نے [illegible] شفافیت اور کارکردگی کو یقینی بنانے کے لیے [illegible] مسلسل مانیٹرنگ کی جائے گی بلکہ وفاقی اور غیر ملکی فنڈڈ اسکیموں کی پیش رفت کا بھی باقاعدگی سے جائزہ لیا جائے گا وزیراعلیٰ نے کہا کہ گزشتہ مالی سال میں ہم نے ترقیاتی فنڈز کے مکمل اور بروقت استعمال کا تاریخی ریکارڈ قائم کیا ......... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

[illegible]

# وزیراعلیٰ کی ہدایت پر ترقیاتی اسکیموں کی باقاعدہ و منظم نگرانی کا فیصلہ

ACS-P&D نے سی ای، بی سی ای، ڈی جی امپلیمنٹیشن پلاننگ اور تمام ڈویژنل ڈائریکٹرز ڈویلپمنٹ کو باضابطہ ہدایات جاری کر دیں

ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی کیلئے سالانہ شیڈول مرتب کیا جائے، تاکہ اسکیموں پر عملدرآمد کے دوران بروقت و باقاعدہ مانیٹرنگ کی جا سکے، ہدایات

یہ اقدام محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات کے مانیٹرنگ اینڈ ایویلیوایشن ونگ کو تفویض کردہ مینڈیٹ کے مطابق عمل میں لایا گیا ہے، بیان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایت پر محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات نے مالی سال 2025-26 کے لیے ترقیاتی اسکیموں کی منظم نگرانی (مانیٹرنگ) کا فیصلہ کیا ہے، تاکہ جاری منصوبوں پر عملدرآمد کی موثر جانچ ممکن ہو سکے۔ اس حوالے سے ایڈیشنل چیف سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات زاہد سلیم کی ہدایت پر چیف اکنامسٹ، جوائنٹ چیف اکنامسٹ، ڈائریکٹر جنرل ا......... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

مپلیمنٹیشن منصوبہ بندی اور تمام ڈویژنل ڈائریکٹرز ڈویلپمنٹ کو باضابطہ ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔ ان ہدایات میں کہا گیا ہے کہ ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی کے لیے سالانہ شیڈول یا کیلنڈر مرتب کیا جائے، تاکہ اسکیموں پر عملدرآمد کے دوران باقاعدہ اور بروقت مانیٹرنگ کی جا سکے۔ یہ اقدام محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات کے مانیٹرنگ اینڈ ایویلیوایشن ونگ کو تفویض کردہ مینڈیٹ کے مطابق عمل میں لایا گیا ہے۔ پریس ریلیز میں مزید کہا گیا ہے کہ منظور شدہ سالانہ شیڈول کے تحت، ہر ڈویژنل ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ اپنے متعلقہ ڈویژن میں جاری اور نئی ترقیاتی اسکیموں میں سے کم از کم 25 فیصد اسکیموں کا فیلڈ وزٹ کریں، جبکہ مانیٹرنگ و ایویلیوایشن ونگ ہر ڈویژن کی 8 فیصد اسکیموں کا جائزہ لے گا۔ ان دوروں کے دوران ڈویژنل ڈائریکٹرز کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ تمام شعبوں کی ترقیاتی اسکیموں کو شامل کر کے جامع نگرانی کو یقینی بنائیں، اور ہر ماہ کی 5 تاریخ تک انسپکشن رپورٹس جمع کرائیں۔ ان رپورٹس میں منصوبوں کی فزیکل اور فنانشل پیش رفت کو الگ الگ کمپونٹ کے تحت واضح طور پر بیان کرنا لازمی ہوگا، تاکہ اعلیٰ حکام کو ترقیاتی اجلاسوں میں موثر فیصلے لینے میں آسانی ہو۔ مزید برآں، مالی سال کے اختتام پر ہر ڈویژن سے ایک جامع رپورٹ طلب کی جائے گی، جس میں ہر شعبے کی کارکردگی اور فنڈز کے استعمال کی مکمل تفصیلات شامل ہوں گی۔ اس پورے عمل کی نگرانی کے لیے ہر ماہ جائزہ اجلاس بھی منعقد کیے جائیں گے، جن کی صدارت سیکرٹری امپلیمنٹیشن یا ڈائریکٹر جنرل مانیٹرنگ و ایویلیوایشن کریں گے۔ ان اجلاسوں میں ڈویژنل ڈائریکٹرز ڈویلپمنٹ، مانیٹرنگ رپورٹس کی روشنی میں اسکیموں کی پیش رفت پر بریفنگ دیں گے۔ یہ اقدام حکومت بلوچستان کے اس عزم کا مظہر ہے کہ صوبے میں ترقیاتی منصوبوں کو شفاف، موثر اور بروقت مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو ان کے ثمرات بروقت میسر آسکیں۔

[illegible]

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 4


کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

ABC CERTIFIED

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | جمعرات 14 محرم الحرام 1447ھ 10 جولائی 2025ء | صفحات 08 | شمارہ 05


## وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی سے ڈاکٹر مالک بلوچ کی ملاقات

### مجموعی صورتحال، ترقیاتی عمل، عوامی مسائل و اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال

### ترقی کیلئے تمام جمہوری قوتوں کا اشتراک عمل ناگزیر ہے، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے نیشنل پارٹی کے سربراہ اور رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے بدھ کے روز یہاں ملاقات ......... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

کی۔ ملاقات میں صوبے کی مجموعی صورتحال، ترقیاتی عمل، عوامی مسائل اور باہمی دلچسپی کے دیگر اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبے کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے اور عوامی فلاح و ترقی کے اہداف کے حصول کے لیے تمام جمہوری قوتوں کا اشتراک عمل ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی کے لیے سنجیدہ، تعمیری اور اشتراک پر مبنی سیاسی ماحول پیدا کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے



وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے رکن اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ ملاقات کر رہے ہیں



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی انتظامی سیکرٹریز کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

1 Bullet N

5

روزنامہ سنچری ایکسپریس کوئٹہ

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 205 | جمعرات، 14 محرم الحرام، 10 جولائی 2025، صفحات 8 قیمت 40 روپے



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی انتظامی سیکرٹریز کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

# گڈ گورننس کیلئے بڑے پیمانے پر اصلاحات ناگزیر، وزیراعلیٰ

## زمینی حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے نظام میں بہتری لانے کیلئے سنجیدہ اقدامات کا تسلسل برقرار رکھیں گے

## مجوزہ و منظور شدہ سکیموں کی 99 فیصد ٹیکنیکل اپروول 25 جولائی تک یقینی بنائی جائے، انتظامی سیکرٹریز سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبے میں گڈ گورننس اور موثر سروس ڈیلیوری کے قیام کے لیے بڑے پیمانے پر اصلاحات ناگزیر ہو چکی ہیں اس مقصد کے لیے ہم اصلاحاتی ایجنڈے کو ہر صورت میں آگے بڑھائیں گے تاکہ حکومتی نظام پر (باقی صفحہ 5 نمبر 18)

عوام کا اعتماد بحال ہو ان خیالات کا اظہار انہوں نے تمام محکموں کے انتظامی سیکرٹریز کے اہم اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات و منصوبہ بندی زاہد سلیم، چیئرمین چیف منسٹر انسپکشن ٹیم محمد علی سمیت تمام محکموں کے سیکرٹریز نے شرکت کی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ہر محکمہ اپنی اسکیموں کی ذمہ داری قبول کرے کیونکہ ان ترقیاتی منصوبوں کی اصل اونر شپ متعلقہ محکموں اور ان کے سیکرٹریز کی ہے انہوں نے واضح کیا کہ ترقیاتی منصوبوں کی شفافیت اور کارکردگی کو یقینی بنانے کے لیے نہ صرف مسلسل مانیٹرنگ کی جائے گی بلکہ وفاقی اور غیر ملکی فنڈڈ اسکیموں کی پیش رفت کا بھی باقاعدگی سے جائزہ لیا جائے گا وزیراعلیٰ نے کہا کہ گزشتہ مالی سال میں ہم نے ترقیاتی فنڈز کے مکمل اور بروقت استعمال کا تاریخی ریکارڈ قائم کیا جس سے بلوچستان میں فنڈز کے ضیاع یا غیر موثر استعمال سے متعلق منفی تاثر ختم ہوا ہے۔ وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ تمام مجوزہ و منظور شدہ اسکیموں کی 99 فیصد ٹیکنیکل اپروول 25 جولائی تک یقینی بنائی جائے اور آئندہ اجلاس میں پیش رفت سے آگاہ کیا جائے انہوں نے انتظامی سیکرٹریز کو ہدایت کی کہ گزشتہ مالی سال کی خامیوں کا تنقیدی جائزہ لیا جائے اور ان سے سبق سیکھ کر کارکردگی کو مزید بہتر بنایا جائے انہوں نے کہا کہ حکومت کو اپنے افسران کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں پر مکمل اعتماد ہے تاہم درست جگہ پر درست افسر کی تعیناتی کے فارمولے کو اپناتے ہوئے کارکردگی کو فیصلہ کن معیار بنایا جا رہا ہے وزیراعلیٰ نے واضح کیا کہ پوسٹنگ اور تعیناتی کا دروازہ کھلا ہے تاہم افسران کی کارکردگی سے مشروط ہوگا میرٹ کو اتنا مضبوط بنائیں گے کہ کسی افسر کو تعیناتی کے لیے سفارش یا سہارے کی ضرورت پیش نہ آئے چیف

منسٹر یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام کا ذکر کرتے ہوئے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ یہ پروگرام نوجوانوں کے روشن مستقبل کی بنیاد ہے اور اس پر موثر عملدرآمد متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے۔ وزیراعلیٰ نے زرعی ٹیوب ویلوں کی شمسی توانائی پر منتقلی کے منصوبے کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ شفافیت کو فروغ دیتے ہوئے اس اسکیم میں اسٹیٹ بینک کے ذریعے براہ راست رقومات متعلقہ افراد کو منتقل کی گئیں جس میں کمیشن یا کرپشن کا ایک فیصد عنصر بھی شامل نہیں تھا انہوں نے کہا کہ ایسے موثر اور شفاف میکانزم کو فروغ دیا جائے گا تاکہ عوام کا اعتماد بحال ہو اور کرپشن کا مکمل تدارک ممکن ہو وزیراعلیٰ نے افسران کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ ہم سب کو ایک ٹیم کی طرح کام کرنا ہے کیونکہ ہماری جدوجہد کا مرکز وہ عام بلوچستانی ہے جو گرمی میں جھلستا اور سردی میں ٹھٹھرتا ہے ہمیں اس کے لیے حقیقی تبدیلی لانی ہے اور انتظام حکومت کو عوامی خدمت کے تابع کرنا ہے۔

# وزیراعلیٰ بلوچستان سے ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کی ملاقات

## صوبے کی مجموعی صورتحال، ترقیاتی عمل، عوامی مسائل سمیت دیگر امور پر گفتگو

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے نیشنل پارٹی کے سربراہ اور رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے ملاقات کی۔ ملاقات میں صوبے کی مجموعی صورتحال، ترقیاتی عمل، عوامی مسائل اور باہمی دلچسپی کے دیگر اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع (باقی صفحہ 5 نمبر 15)

پر وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبے کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے اور عوامی فلاح و ترقی کے اہداف کے حصول کے لیے تمام جمہوری قوتوں کا اشتراک عمل ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی کے لیے سنجیدہ، تعمیری اور اشتراک پر مبنی سیاسی ماحول پیدا کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے رکن صوبائی اسمبلی و نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

# وزیراعلیٰ کی ہدایت پر ترقیاتی اسکیموں کی منظم نگرانی کا فیصلہ

## ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی کیلئے ڈویژنل سطح پر شیڈول مرتب کیا جائے، اے سی ایس

## ڈائریکٹرز ڈویلپمنٹ کو ہر ماہ منصوبوں کی فزیکل پیش رفت کی رپورٹس جمع کرانے کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایت پر محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات نے مالی سال 2025-26 کے لئے ترقیاتی اسکیموں کی منظم نگرانی (مانیٹرنگ) کا فیصلہ کیا ہے، تاکہ جاری منصوبوں پر عملدرآمد کی موثر جانچ ممکن ہو سکے۔ اس حوالے سے ایڈیشنل چیف سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات زاہد سلیم کی ہدایت پر چیف اکانومسٹ، جوائنٹ چیف اکانومسٹ، ڈائریکٹر جنرل ایمپلیمنٹیشن منصوبہ بندی اور تمام ڈویژنل ڈائریکٹرز ڈویلپمنٹ کو (باقی صفحہ 5 نمبر 25)

باضابطہ ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔ ان ہدایات میں کہا گیا ہے کہ ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی کے لئے سالانہ شیڈول یا کیلنڈر مرتب کیا جائے تاکہ اسکیموں پر عملدرآمد کے دوران باقاعدہ اور بروقت مانیٹرنگ کی جا سکے۔ یہ اقدام محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات کے مانیٹرنگ اینڈ ایویلیوایشن ونگ کو تفویض کردہ مینڈیٹ کے مطابق عمل میں لایا گیا ہے۔ پریس ریلیز میں مزید کہا گیا ہے کہ منظور شدہ سالانہ شیڈول کے تحت، ہر ڈویژنل ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ اپنے متعلقہ ڈویژن میں جاری اور نئی ترقیاتی اسکیموں میں سے کم از کم 25 فیصد اسکیموں کا فیلڈ وزٹ کریں، جبکہ مانیٹرنگ و ایویلیوایشن ونگ ہر ڈویژن کی 8 فیصد اسکیموں کا جائزہ لے گا۔ ان دوروں کے دوران ڈویژنل ڈائریکٹرز کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ تمام شعبوں کی ترقیاتی اسکیموں کو شامل کر کے جامع نگرانی کو یقینی بنائیں، اور ہر ماہ کی 5 تاریخ تک انسپکشن رپورٹس جمع کرائیں۔ ان رپورٹس میں منصوبوں کی فزیکل اور فنانشل پیش رفت کو الگ الگ کیٹیگری کے تحت واضح طور پر بیان کرنا لازمی ہوگا، تاکہ اعلیٰ حکام کو ترقیاتی اجلاسوں میں موثر فیصلے لینے میں آسانی ہو۔ مزید برآں، مالی سال کے اختتام پر ہر ڈویژن سے ایک جامع رپورٹ طلب کی جائے گی، جس میں ہر شعبے کی کارکردگی اور فنڈز کے استعمال کی مکمل تفصیلات شامل ہوں گی۔ اس پورے عمل کی نگرانی کے لئے ہر ماہ جائزہ اجلاس بھی منعقد کیے جائیں گے، جن کی صدارت سیکرٹری ایمپلیمنٹیشن یا ڈائریکٹر جنرل مانیٹرنگ و ایویلیوایشن کریں گے۔ ان اجلاسوں میں ڈویژنل ڈائریکٹرز ڈویلپمنٹ، مانیٹرنگ رپورٹس کی روشنی میں اسکیموں کی پیش رفت پر بریفنگ دیں گے۔ یہ اقدام حکومت بلوچستان کے اس عزم کا مظہر ہے کہ صوبے میں ترقیاتی منصوبوں کو شفاف، موثر اور بروقت مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو ان کے ثمرات بروقت میسر آسکیں۔

CLIPPIN

نظامت اعل
حکومت

2

Page No. 6



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی انتظامی سیکرٹریز کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں


THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

رجسٹرڈ نمبر ایل کیو I-4

★★ قیمت 30 روپے ★ صفحات

www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com
Quetta Ph:081-2822909

جلد نمبر 32 | بروز جمعرات 10 جولائی 2025ء بمطابق 14 محرم الحرام 1447ھ | شمارہ نمبر 186


# گڈ گورننس کیلئے بڑے پیمانے پر اصلاحات ناگزیر ہیں، میر سرفراز بگٹی

## اصلاحاتی ایجنڈے کو ہر صورت آگے بڑھائیں گے، ہر محکمہ اپنی اسکیموں کی ذمہ داری قبول کرے، وزیراعلیٰ

### ترقیاتی منصوبوں کی شفافیت اور کارکردگی کو یقینی بنانے کیلئے مسلسل مانیٹرنگ کی جائے، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبے میں گڈ گورننس اور مؤثر سروس ڈلیوری کے قیام کے لیے بڑے پیمانے پر اصلاحات ناگزیر ہو چکی ہیں اس مقصد کے لیے ہم اصلاحاتی ایجنڈے کو ہر صورت میں آگے بڑھائیں گے تاکہ حکومتی نظام پر عوام کا اعتماد بحال ہو ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو یہاں تمام محکموں کے انتظامی سیکرٹریز کے اہم اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان

بقیہ نمبر 11 صفحہ 5 پر

شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات و منصوبہ بندی زاہد سلیم، چیرمین چیف منسٹر انسپکشن ٹیم محمد علی سمیت تمام محکموں کے سیکرٹریز نے شرکت کی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ہر محکمہ اپنی اسکیموں کی ذمہ داری قبول کرے کیونکہ ان ترقیاتی منصوبوں کی اصل اونرشپ متعلقہ محکموں اور ان کے سیکرٹریز کی ہے انہوں نے واضح کیا کہ ترقیاتی منصوبوں کی شفافیت اور کارکردگی کو یقینی بنانے کے لیے نہ صرف مسلسل مانیٹرنگ کی جائے گی بلکہ وفاقی اور غیر ملکی فنڈڈ اسکیموں کی پیش رفت کا بھی باقاعدگی سے جائزہ لیا جائے گا وزیراعلیٰ نے کہا کہ گزشتہ مالی سال میں ہم نے ترقیاتی فنڈز کے مکمل اور بروقت استعمال کا تاریخی ریکارڈ قائم کیا جس سے بلوچستان میں فنڈز کے ضیاع یا غیر مؤثر استعمال سے متعلق منفی تاثر ختم ہوا ہے انہوں نے کہا کہ اگرچہ مثالی اور تصوراتی گورننس کا فریم ورک فوری طور پر قابل عمل نہیں تاہم ہم بلوچستان کے زمینی حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے نظام میں بہتری لانے کے لیے سنجیدہ اقدامات کا تسلسل برقرار رکھیں گے انہوں نے چیف منسٹر انسپکشن ٹیم اور مانیٹرنگ و ایویلوایشن یونٹس کو ہدایت کی کہ وہ مربوط حکمت عملی کے تحت منصوبوں کے معیار اور رفتار پر کڑی نظر رکھیں تاکہ عوام کو ان منصوبوں کے حقیقی ثمرات حاصل ہو سکیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہم رواں مالی سال میں بھی ترقیاتی منصوبوں پر تیز رفتاری سے کام کریں گے وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ تمام مجوزہ و منظور شدہ اسکیموں کی 99 فیصد ٹیکنیکل اپروول 25 جولائی تک یقینی بنائی جائے اور آئندہ اجلاس میں پیش رفت سے آگاہ کیا جائے انہوں نے انتظامی سیکرٹریز کو ہدایت کی کہ گزشتہ مالی سال کی خامیوں کا تنقیدی جائزہ لیا جائے اور ان سے سبق سیکھ کر کارکردگی کو مزید بہتر بنایا جائے انہوں نے کہا کہ حکومت کو اپنے افسران کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں پر مکمل اعتماد ہے تاہم درست جگہ پر درست افسر کی تعیناتی کے فارمولے کو اپناتے ہوئے کارکردگی کو فیصلہ کن معیار بنایا جا رہا ہے وزیراعلیٰ نے واضح کیا کہ پوسٹنگ اور تعیناتی کا دورانیہ محفوظ تاہم افسران کی کارکردگی سے مشروط ہوگا میرٹ کو اتنا مضبوط بنائیں گے کہ کسی افسر کو تعیناتی کے لیے سفارش یا سہارے کی ضرورت پیش نہ آئے چیف منسٹر یوتھ اسکل ڈویلپمنٹ پروگرام کا ذکر کرتے ہوئے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ یہ پروگرام نوجوانوں کے روشن مستقبل کی بنیاد ہے اور اس پر مؤثر عملدرآمد متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے انہوں نے ہدایت کی کہ رواں مالی سال میں اس پروگرام کو فعال و بارآور بنانے کے لیے اس کی رفتار بڑھائی جائے اور موجود خامیوں کی نشاندہی کر کے ان کو دور کیا جائے وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہم نے نئے مالی سال کے پہلے دن سے ہی ترقیاتی منصوبوں پر عملدرآمد شروع کر دیا ہے جو حکومتی سنجیدگی اور عزم کی واضح مثال ہے انہوں نے کہا کہ ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ کمیٹیوں کو فعال بنا کر مقامی سطح پر عوامی مسائل کے فوری حل کو یقینی بنایا جائے گا انہوں نے زور دیا کہ حکومت کی تمام کوششوں اور پالیسیوں کا مرکز و محور مسائل میں گھرا عام آدمی ہے جس کے مسائل ہم نے حل کرنے ہیں انہوں نے کہا کہ فیلڈ افسران کی زمینی موجودگی عوامی مسائل کے حل کے لیے ازحد ضروری ہے نئے اسسٹنٹ کمشنرز کی تربیت مکمل ہونے کے بعد انہیں فیلڈ میں تعینات کیا جائے گا وزیراعلیٰ نے نوجوان افسران کو تلقین کی کہ وہ عوامی خدمت کو اپنا مشن بنائیں اور خلوص نیت کے ساتھ دستیاب وسائل میں بہترین کارکردگی دکھائیں وزیراعلیٰ نے ماضی میں کوہلو کے ایک سابق پولیٹیکل ایجنٹ شمشیر خان کی مثال دیتے ہوئے کہا کہ انہوں نے انتہائی ناساعد حالات میں خیمے میں دفتر اور رہائش اختیار کر کے بھی فرائض نبھائے اور کبھی وسائل کی کمی کو آڑے آنے نہ دیا ایسی مثالوں سے ہمیں سیکھنے کی ضرورت ہے وزیراعلیٰ نے زرعی ٹیوب ویلوں کی شمسی توانائی پر منتقلی کے منصوبے کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ شفافیت کو فروغ دیتے ہوئے اس اسکیم میں اسٹیٹ بینک کے ذریعے براہ راست رقوم متعلقہ افراد کو منتقل کی گئیں جس میں کمیشن یا کرپشن کا ایک فیصد عنصر بھی شامل نہیں تھا انہوں نے کہا کہ ایسے مؤثر اور شفاف میکانزم کو فروغ دیا جائے گا تاکہ عوام کا اعتماد بحال ہو اور کرپشن کا ممکنہ تدارک ممکن ہو وزیراعلیٰ نے افسران کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ ہم سب کو ایک ٹیم کی طرح کام کرنا ہے کیونکہ ہماری جدوجہد کا مرکز وہ عام بلوچستانی ہے جو گرمی میں جھلستا اور سردی میں ٹھٹھرتا ہے ہمیں اس کے لیے حقیقی تبدیلی لانی ہے اور نظام حکومت کو عوامی خدمت کے تابع کرنا ہے۔

# محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات کا ترقیاتی اسکیموں کی منظم نگرانی کا فیصلہ

## ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی کیلئے سالانہ شیڈول یا کیلنڈر مرتب کیا جائے 25 فیصد اسکیموں کا فیلڈ وزٹ کریں

### مانیٹرنگ وایویلیوایشن ونگ ہر ڈویژن کی 8 فیصد اسکیموں کا جائزہ لے گا، ایڈیشنل چیف سیکرٹری کی ہدایت پر ہدایات جاری

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایت پر محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات نے مالی سال 202526 کے لیے ترقیاتی اسکیموں کی منظم نگرانی (مانیٹرنگ) کا فیصلہ کیا ہے، تاکہ جاری منصوبوں پر عملدرآمد کی مؤثر جانچ ممکن ہو سکے۔ اس حوالے سے ایڈیشنل چیف سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات زاہد سلیم کی ہدایت پر چیف اکنامسٹ، جوائنٹ چیف اکنامسٹ، ڈائریکٹر جنرل امپلیمنٹیشن منصوبہ بندی اور تمام ڈویژنل ڈائریکٹرز ڈویلپمنٹ کو باضابطہ ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔ ان ہدایات میں کہا گیا ہے کہ ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی کے لیے سالانہ شیڈول یا کیلنڈر مرتب کیا

بقیہ نمبر 68 صفحہ 5 پر

جائے، تاکہ اسکیموں پر عملدرآمد کے دوران باقاعدہ اور بروقت مانیٹرنگ کی جا سکے۔ یہ اقدام محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات کے مانیٹرنگ اینڈ ایویلیوایشن ونگ کو تفویض کردہ مینڈیٹ کے مطابق عمل میں لایا گیا ہے۔ پریس ریلیز میں مزید کہا گیا ہے کہ منظور شدہ سالانہ شیڈول کے تحت، ہر ڈویژنل ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ اپنے متعلقہ ڈویژن میں جاری اور نئی ترقیاتی اسکیموں میں سے کم از کم 25 فیصد اسکیموں کا فیلڈ وزٹ کریں، جبکہ مانیٹرنگ وایویلیوایشن ونگ ہر ڈویژن کی 8 فیصد اسکیموں کا جائزہ لے گا۔ ان دوروں کے دوران ڈویژنل ڈائریکٹرز کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ تمام شعبوں کی ترقیاتی اسکیموں کو شامل کر کے جامع نگرانی کو یقینی بنائیں، اور ہر ماہ کی 5 تاریخ تک انسپکشن رپورٹس جمع کرائیں۔ ان رپورٹس میں منصوبوں کی فزیکل اور فنانشل پیش رفت کو الگ الگ کمپونٹ کے تحت واضح طور پر بیان کرنا لازمی ہوگا، تاکہ اعلیٰ حکام کو ترقیاتی اجلاسوں میں مؤثر فیصلے لینے میں آسانی ہو۔ مزید برآں، مالی سال کے اختتام پر ہر ڈویژن سے ایک جامع رپورٹ طلب کی جائے گی، جس میں ہر شعبے کی کارکردگی اور فنڈز کے استعمال کی مکمل تفصیلات شامل ہوں گی۔ اس پورے عمل کی نگرانی کے لیے ہر ماہ جائزہ اجلاس بھی منعقد کیے جائیں گے، جن کی صدارت سیکریٹری امپلیمنٹیشن یا ڈائریکٹر جنرل مانیٹرنگ وایویلیوایشن کریں گے۔ ان اجلاسوں میں ڈویژنل ڈائریکٹرز ڈویلپمنٹ، مانیٹرنگ رپورٹس کی روشنی میں اسکیموں کی پیش رفت پر بریفنگ دیں گے۔ یہ اقدام حکومت بلوچستان کے اس عزم کا مظہر ہے کہ صوبے میں ترقیاتی منصوبوں کو شفاف، مؤثر اور بروقت مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو ان کے ثمرات بروقت میسر آسکیں۔

# میر سرفراز بگٹی سے نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کی ملاقات

### ترقیاتی عمل، عوامی مسائل اور باہمی دلچسپی کے دیگر اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے نیشنل پارٹی کے سربراہ اور رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے بدھ کے روز یہاں ملاقات کی۔ ملاقات میں صوبے کی مجموعی صورتحال، ترقیاتی عمل، عوامی مسائل اور باہمی دلچسپی کے دیگر اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

بقیہ نمبر 15 صفحہ 5 پر

اس موقع پر وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبے کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے اور عوامی فلاح و ترقی کے اہداف کے حصول کے لیے تمام جمہوری قوتوں کا اشتراک عمل ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی کے لیے سنجیدہ، تعمیری اور اشتراک پر مبنی سیاسی ماحول پیدا کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے

DIRECT
GENERAL
RELATIONS B

نظامت اعلی
حکومت

Bullet No 1

Page No. 7

THE DAILY
BAAKHABAR
QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی
اکرام اللہ خان

جلد 29 جمعرات 10 جولائی 2025ء بمطابق 14 محرم 1447ھ قیمت 20 روپے شمارہ 185

# بلوچستان میں گڈ گورننس اور موثر سروس ڈیلیوری کے قیام کیلئے اصلاحات ناگزیر ہو چکی ہیں

میر سرفراز بگٹی

## اس مقصد کیلئے ہم اصلاحاتی ایجنڈے کو ہر صورت آگے بڑھائیں گے تاکہ حکومتی نظام پر عوام کا اعتماد بحال ہو

## بلوچستان میں فنڈز کے ضیاع یا غیر مؤثر استعمال سے متعلق منفی تاثر اب ختم ہو چکا ہے' وزیراعلیٰ کا محکمانہ انتظامیہ سیکرٹریز کے اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبے میں گڈ گورننس اور مؤثر سروس ڈلیوری کے قیام کے لیے بڑے پیمانے پر اصلاحات ناگزیر ہو چکی ہیں اس مقصد کے لیے ہم اصلاحاتی ایجنڈے کو ہر صورت میں آگے بڑھائیں

تاکہ حکومتی نظام پر عوام کا اعتماد بحال ہو ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو یہاں تمام محکموں کے انتظامی سیکرٹریز کے اہم اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات و منصوبہ بندی زاہد سلیم، چیئرمین چیف منسٹر انسپکشن ٹیم محمد علی سمیت تمام محکموں کے سیکرٹریز نے شرکت کی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ہر محکمہ اپنی اسکیموں کی ذمہ داری قبول کرے کیونکہ ان ترقیاتی منصوبوں کی اصل اونرشپ متعلقہ محکموں اور ان کے سیکرٹریز کی ہے انہوں نے واضح کیا کہ ترقیاتی منصوبوں کی شفافیت اور کارکردگی کو یقینی بنانے کے لیے نہ صرف مسلسل مانیٹرنگ کی جائے گی بلکہ وفاقی اور غیر ملکی فنڈڈ اسکیموں کی پیش رفت کا بھی باقاعدگی سے جائزہ لیا جائے گا وزیراعلیٰ نے کہا کہ گزشتہ مالی سال میں ہم نے ترقیاتی فنڈز کے مکمل اور بروقت استعمال کا تاریخی ریکارڈ قائم کیا جس سے بلوچستان میں فنڈز کے ضیاع یا غیر مؤثر استعمال سے متعلق منفی تاثر ختم ہوا ہے انہوں نے کہا کہ اگرچہ مثالی اور تصوراتی گورننس کا فریم ورک فوری طور پر قابل عمل نہیں تاہم ہم بلوچستان کے زمینی حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے نظام میں بہتری لانے کے لیے سنجیدہ اقدامات کا تسلسل برقرار رکھیں گے انہوں نے چیف منسٹر انسپکشن ٹیم اور مانیٹرنگ و ایولوشن یونٹس کو ہدایت کی کہ وہ مربوط حکمت عملی کے تحت منصوبوں کے معیار اور رفتار پر کڑی نظر رکھیں

تاکہ عوام کو ان منصوبوں کے حقیقی ثمرات حاصل ہو سکیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہم رواں مالی سال میں بھی ترقیاتی منصوبوں پر تیز رفتاری سے کام کریں گے وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ تمام مجوزہ و منظور شدہ اسکیموں کی 99 فیصد ٹیکنیکل اپروول 25 جولائی تک یقینی بنائی جائے اور آئندہ اجلاس میں پیش رفت سے آگاہ کیا جائے انہوں نے انتظامی سیکرٹریز کو ہدایت کی کہ گزشتہ مالی سال کی خامیوں کا تنقیدی جائزہ لیا جائے اور ان سے سبق سیکھ کر کارکردگی کو مزید بہتر بنایا جائے انہوں نے کہا کہ حکومت کو اپنے افسران کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں پر مکمل اعتماد ہے تاہم درست جگہ پر درست افسر کی تعیناتی کے فارمولے کو اپناتے ہوئے کارکردگی کو فیصلہ کن معیار بنایا جا رہا ہے وزیراعلیٰ نے واضح کیا کہ پوسٹنگ اور تعیناتی کا دورانیہ محفوظ تاہم افسران کی کارکردگی سے مشروط ہوگا میرٹ کو اتنا مضبوط بنائیں گے کہ کسی افسر کو تعیناتی کے لیے سفارش یا سہارے کی ضرورت پیش نہ آئے چیف منسٹر یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام کا ذکر کرتے ہوئے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ یہ پروگرام نوجوانوں کے روشن مستقبل کی بنیاد ہے اور اس پر مؤثر عملدرآمد متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے انہوں نے ہدایت کی کہ رواں مالی سال میں اس پروگرام کو فعال و بارآور بنانے کے لیے اس کی رفتار بڑھائی جائے اور موجود خامیوں کی نشاندہی کر کے ان کو دور کیا جائے وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہم نے نئے مالی سال کے پہلے دن سے ہی ترقیاتی منصوبوں پر عملدرآمد شروع کر دیا ہے جو حکومتی سنجیدگی اور عزم کی واضح مثال ہے انہوں نے کہا کہ ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ کمیٹیوں کو فعال بنا کر مقامی سطح پر عوامی مسائل کے فوری حل کو یقینی بنایا جائے گا


### وزیراعلیٰ سے ڈاکٹر مالک بلوچ کی ملاقات' صوبہ کی صورتحال پر گفتگو

**عوامی فلاح وترقی کے اہداف کے حصول کیلئے تمام جمہوری قوتوں کا اشتراک عمل ناگزیر ہے' رہنماؤں کا اتفاق**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے نیشنل پارٹی کے سربراہ اور رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے بدھ کے روز یہاں ملاقات کی۔ ملاقات میں صوبے کی مجموعی صورتحال، ترقیاتی عمل، عوامی مسائل اور باہمی دلچسپی کے دیگر اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبے کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے اور عوامی فلاح وترقی کے اہداف کے حصول کے لیے تمام جمہوری قوتوں کا اشتراک عمل ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی کے لیے سنجیدہ، تعمیری اور اشتراک پر مبنی سیاسی ماحول پیدا کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔



کوئٹہ، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی انتظامی سیکرٹریز کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

CamScanner

CLIPPI



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ ملاقات کررہے ہیں


Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی صدیق بلوچ

جلد نمبر-24 | جمعرات 10 جولائی 2025ء بمطابق 14 محرم الحرام 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر-184


# گڈ گورننس، موثر سروس ڈلیوری کے قیام کیلئے اصلاحات ناگزیر ہو چکی ہیں، وزیراعلیٰ بگٹی

**تمام مجوزہ و منظور شدہ اسکیموں کی 99 فیصد ٹیکنیکل اپروول 25 جولائی تک یقینی بنائی جائے اور آئندہ اجلاس میں پیش رفت سے آگاہ کیا جائے، وزیراعلیٰ کا اجلاس سے خطاب**

**گزشتہ مالی سال میں ہم نے ترقیاتی فنڈز کے مکمل اور بروقت استعمال کا تاریخی ریکارڈ قائم کیا جس سے بلوچستان میں فنڈز کے ضیاع یا غیر مؤثر استعمال کا منفی تاثر ختم ہوا ہے**

**افسران کی زمینی موجودگی عوامی مسائل کے حل کے لیے ازحد ضروری ہے نئے اسسٹنٹ کمشنرز کی تربیت مکمل ہونے کے بعد انہیں فیلڈ میں تعینات کیا جائے گا**

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبے میں گڈ گورننس اور مؤثر سروس ڈلیوری کے قیام کے لیے بڑے پیمانے پر اصلاحات ناگزیر ہو چکی ہیں، (بقیہ نمبر 8 صفحہ نمبر 2 پر)


اس مقصد کے لیے ہم اصلاحاتی ایجنڈے کو ہر صورت میں آگے بڑھائیں گے تاکہ حکومتی نظام پر عوام کا اعتماد بحال ہو ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو یہاں تمام محکموں کے انتظامی سیکرٹریز کے اہم اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات و منصوبہ بندی زاہد سلیم، چیئرمین چیف منسٹر انسپیکشن ٹیم محمد علی سمیت تمام محکموں کے سیکرٹریز نے شرکت کی وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ہر محکمہ اپنی اسکیموں کی ذمہ داری قبول کرے کیونکہ ان ترقیاتی منصوبوں کی اصل اونرشپ متعلقہ محکموں اور ان کے سیکرٹریز کی ہے انہوں نے واضح کیا کہ ترقیاتی منصوبوں کی شفافیت اور کارکردگی کو یقینی بنانے کے لیے نہ صرف مسلسل مانیٹرنگ کی جائے گی بلکہ وفاقی اور غیر ملکی فنڈڈ اسکیموں کی پیش رفت کا بھی باقاعدگی سے جائزہ لیا جائے گا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ گزشتہ مالی سال میں ہم نے ترقیاتی فنڈز کے مکمل اور بروقت استعمال کا تاریخی ریکارڈ قائم کیا جس سے بلوچستان میں فنڈز کے ضیاع یا غیر مؤثر استعمال سے متعلق منفی تاثر ختم ہوا ہے انہوں نے کہا کہ اگرچہ مثالی اور تصوراتی گورننس کا فریم ورک فوری طور پر قابل عمل نہیں تاہم ہم بلوچستان کے زمینی حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے نظام میں بہتری لانے کے لیے سنجیدہ اقدامات کا تسلسل برقرار رکھیں گے انہوں نے چیف منسٹر انسپکشن ٹیم اور مانیٹرنگ، ایولوشن یونٹس کو ہدایت کی کہ وہ مربوط حکمت عملی کے تحت منصوبوں کے معیار اور رفتار پر کڑی نظر رکھیں تاکہ عوام کو ان منصوبوں کے حقیقی ثمرات حاصل ہو سکیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ہم رواں مالی سال میں بھی ترقیاتی منصوبوں پر تیز رفتاری سے کام کریں گے وزیر اعلیٰ نے ہدایت کی کہ تمام مجوزہ و منظور شدہ اسکیموں کی 99 فیصد ٹیکنیکل اپروول 25 جولائی تک یقینی بنائی جائے اور آئندہ اجلاس میں پیش رفت سے آگاہ کیا جائے انہوں نے انتظامی سیکرٹریز کو ہدایت کی کہ گزشتہ مالی سال کی خامیوں کا تنقیدی جائزہ لیا جائے اور ان سے سبق سیکھ کر کارکردگی کو مزید بہتر بنایا جائے انہوں نے کہا کہ حکومت کو اپنے افسران کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں پر مکمل اعتماد ہے تاہم درست جگہ پر درست افسر کی تعیناتی کے فارمولے کو اپناتے ہوئے کارکردگی کو فیصلہ کن معیار بنایا جا رہا ہے وزیر اعلیٰ نے واضح کیا کہ پوسٹنگ اور تعیناتی کا دورانیہ محفوظ تاہم افسران کی کارکردگی سے مشروط ہوگا میرٹ کو اتنا مضبوط بنائیں گے کہ کسی افسر کو تعیناتی کے لیے سفارش یا سہارے کی ضرورت پیش نہ آئے چیف منسٹر یوتھ اسکل ڈویلپمنٹ پروگرام کا ذکر کرتے ہوئے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ یہ پروگرام نوجوانوں کے روشن مستقبل کی بنیاد ہے اور اس پر مؤثر عملدرآمد متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے انہوں نے ہدایت کی کہ رواں مالی سال میں اس پروگرام کو فعال و بارآور بنانے کے لیے اس کی رفتار بڑھائی جائے اور موجود خامیوں کی نشاندہی کر کے ان کو دور کیا جائے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ہم نے نئے مالی سال کے پہلے دن سے ہی ترقیاتی منصوبوں پر عملدرآمد شروع کر دیا ہے جو حکومتی سنجیدگی اور عزم کی واضح مثال ہے انہوں نے کہا کہ ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ کمیٹیوں کو فعال بنا کر مقامی سطح پر عوامی مسائل کے فوری حل کو یقینی بنایا جائے گا انہوں نے زور دیا کہ حکومت کی تمام کوششوں اور پالیسیوں کا مرکز و محور مسائل میں گھرا عام آدمی ہے جس کے مسائل ہم نے حل کرنے ہیں انہوں نے کہا کہ فیلڈ افسران کی زمینی موجودگی عوامی مسائل کے حل کے لیے ازحد ضروری ہے نئے اسسٹنٹ کمشنرز کی تربیت مکمل ہونے کے بعد انہیں فیلڈ میں تعینات کیا جائے گا وزیر اعلیٰ نے نوجوان افسران کو تلقین کی کہ وہ عوامی خدمت کو اپنا مشن بنائیں اور خلوص نیت کے ساتھ دستیاب وسائل میں بہترین کارکردگی دکھائیں وزیر اعلیٰ نے ماضی میں کوہلو کے ایک سابق پولیٹیکل ایجنٹ شمشیر خان کی مثال دیتے ہوئے کہا کہ انہوں نے انتہائی نامساعد حالات میں خیمے میں دفتر اور رہائش اختیار کر کے بھی فرائض نبھائے اور کبھی وسائل کی کمی کو آڑے آنے نہ دیا ایسی مثالوں سے ہمیں سیکھنے کی ضرورت ہے وزیر اعلیٰ نے زرعی ٹیوب ویلوں کی شمسی توانائی پر منتقلی کے منصوبے کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ شفافیت کو فروغ دیتے ہوئے اس اسکیم میں اسٹیٹ بینک کے ذریعے براہ راست رقومات متعلقہ افراد کو منتقل کی گئیں جس میں کمیشن یا کرپشن کا ایک فیصد عنصر بھی شامل نہیں تھا انہوں نے کہا کہ ایسے مؤثر اور شفاف میکانزم کو فروغ دیا جائے گا تاکہ عوام کا اعتماد بحال ہو اور کرپشن کا ممکنا ادارک ممکن ہو وزیر اعلیٰ نے افسران کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ ہم سب کو ایک ٹیم کی طرح کام کرنا ہے کیونکہ ہماری جدوجہد کا مرکز وہ عام بلوچستانی ہے جو گرمی میں جھلستا اور سردی میں ٹھٹھرتا ہے ہمیں اس کے لیے حقیقی تبدیلی لانی ہے اور نظام حکومت کو عوامی خدمت کے تابع کرنا ہے۔

# وزیراعلیٰ سے ڈاکٹر مالک بلوچ کی ملاقات، صوبے کی مجموعی صورتحال پر تبادلہ خیال

**صوبے کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے اور عوامی فلاح و ترقی کے اہداف کے حصول کے لیے تمام جمہوری قوتوں کا اشتراک عمل ناگزیر ہے**

**بلوچستان کی ترقی کے لیے سنجیدہ، تعمیری اور اشتراک پر مبنی سیاسی ماحول پیدا کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، وزیراعلیٰ کی گفتگو**

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے نیشنل پارٹی کے سربراہ اور رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے بدھ کے روز یہاں ملاقات کی۔ ملاقات میں صوبے کی مجموعی صورتحال، ترقیاتی عمل، عوامی مسائل اور باہمی دلچسپی کے دیگر اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبے کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے اور عوامی فلاح و ترقی کے اہداف کے حصول کے لیے تمام جمہوری قوتوں کا اشتراک عمل ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی کے لیے سنجیدہ، تعمیری اور اشتراک پر مبنی سیاسی ماحول پیدا کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی محکموں کے انتظامی سیکرٹریز کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

DIREC
GENERAL
RELATIONS

نظامت اعلیٰ
حکومت

Bullet No. 1

Page No. 9

DAILY ZAMANA
روزنامہ
زمانہ
کوئٹہ
بانی: سید فصیح اقبال
چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین
جلد 80 جمعرات 10 جولائی 2025ء 14 محرم الحرام 1447ھ صفحات 6 قیمت 20 روپے شمارہ 185


# حقیقی تبدیلی لانے کیلئے نظام حکومت کو عوامی خدمت کے تابع کریں گے

## وزیراعلیٰ بلوچستان

صوبے میں گڈ گورننس اور مؤثر سروس ڈلیوری کے قیام کے لیے بڑے پیمانے پر اصلاحات ناگزیر ہو چکی ہیں اس مقصد کے لیے ہم اصلاحاتی ایجنڈے کو ہر صورت میں آگے بڑھائیں گے

پوسٹنگ اور تعیناتی کا دورانیہ محفوظ تاہم افسران کی کارکردگی سے مشروط ہوگا میرٹ کو اتنا مضبوط بنائیں گے کہ کسی افسر کو تعیناتی کے لیے سفارش یا سہارے کی ضرورت پیش نہ آئے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبے میں گڈ گورننس اور مؤثر سروس ڈلیوری کے قیام کے لیے بڑے پیمانے پر اصلاحات ناگزیر ہو چکی ہیں اس مقصد کے لیے ہم اصلاحاتی ایجنڈے کو ہر صورت میں آگے بڑھائیں گے تاکہ حکومتی نظام پر عوام کا اعتماد بحال ہو ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو یہاں تمام محکموں کے انتظامی سیکرٹریز کے اہم اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات ومنصوبہ بندی زاہد سلیم، چیئرمین چیف منسٹر انسپکشن ٹیم محمد علی سمیت تمام محکموں کے سیکرٹریز نے شرکت کی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ہر محکمہ اپنی اسکیموں کی ذمہ داری قبول کرے کیونکہ ان ترقیاتی منصوبوں کی اصل اونرشپ متعلقہ محکموں اور ان کے سیکرٹریز کی ہے انہوں نے واضح کیا کہ ترقیاتی منصوبوں کی شفافیت اور کارکردگی کو یقینی بنانے کے لیے نہ صرف مسلسل مانیٹرنگ کی جائے گی بلکہ وفاقی اور غیر ملکی فنڈڈ اسکیموں کی پیش رفت کا بھی باقاعدگی سے جائزہ لیا جائے گا وزیراعلیٰ نے کہا کہ گزشتہ مالی سال میں ہم نے ترقیاتی فنڈز کے مکمل اور بروقت استعمال کا تاریخی ریکارڈ قائم کیا جس سے بلوچستان میں فنڈز کے ضیاع یا غیر مؤثر استعمال سے متعلق منفی تاثر ختم ہوا ہے انہوں نے کہا کہ اگرچہ مثالی اور تصوراتی گورننس کا فریم ورک فوری طور پر قابل عمل نہیں تاہم ہم بلوچستان کے زمینی حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے نظام میں بہتری لانے کے لیے سنجیدہ اقدامات کا تسلسل برقرار رکھیں گے انہوں نے چیف منسٹر انسپکشن ٹیم اور مانیٹرنگ وایولوشن یونٹس کو ہدایت کی کہ وہ مربوط حکمت عملی کے تحت منصوبوں کے معیار اور رفتار پر کڑی نظر رکھیں تاکہ عوام کو ان منصوبوں کے حقیقی ثمرات حاصل ہو سکیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہم رواں مالی سال میں بھی ترقیاتی منصوبوں پر تیز رفتاری سے کام کریں گے وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ تمام مجوزہ ومنظور شدہ اسکیموں کی 99 فیصد ٹیکنیکل اپروول 25 جولائی تک یقینی بنائی جائے اور آئندہ اجلاس میں پیش رفت سے آگاہ کیا جائے انہوں نے انتظامی سیکرٹریز کو ہدایت کی کہ گزشتہ مالی سال کی خامیوں کا تنقیدی جائزہ لیا جائے اور ان سے سبق سیکھ کر کارکردگی کو مزید بہتر بنایا جائے انہوں نے کہا کہ حکومت کو اپنے افسران کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں پر مکمل اعتماد ہے تاہم درست جگہ پر درست افسر کی تعیناتی کے فارمولے کو اپناتے ہوئے کارکردگی کو فیصلہ کن معیار بنایا جا رہا ہے وزیراعلیٰ نے واضح کیا کہ پوسٹنگ اور تعیناتی کا دورانیہ محفوظ تاہم افسران کی کارکردگی سے مشروط ہوگا میرٹ کو اتنا مضبوط بنائیں گے کہ کسی افسر کو تعیناتی کے لیے سفارش یا سہارے کی ضرورت پیش نہ آئے چیف منسٹر یوتھ اسکل ڈویلپمنٹ پروگرام کا ذکر کرتے ہوئے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ یہ پروگرام نوجوانوں کے روشن مستقبل کی بنیاد ہے اور اس پر مؤثر عملدرآمد متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے



کوئٹہ: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے رکن صوبائی اسمبلی نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

Balochistan Times
92 NEWS MEDIA GROUP
balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes_pk
Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 1152 QUETTA Thursday July 10, 2025 / Muharram 14, 1447 Rs: 3

1

10



QUETTA: Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti presiding over a meeting of administrative secretaries from all departments on Wednesday.

# Bugti emphasizes sweeping reforms for good governance

**Staff Report**

**QUETTA:** Balochistan Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti stated that large-scale reforms are essential for establishing good governance and effective service delivery in the province.

He affirmed his commitment to advancing the reform agenda to restore public trust in the government system.

He made these remarks while chairing a meeting of administrative secretaries from all departments, attended by Chief Secretary Balochistan Shakeel Qadir Khan, Additional Chief Secretary Home Hamza Shafqat, Additional Chief Secretary Development and Planning Zahid Saleem, Chairman Chief Minister Inspection Team Muhammad Ali, and other departmental secretaries.

Chief Minister Bugti stressed that each department must take ownership of its schemes, emphasizing continuous monitoring for transparency and efficiency in development projects, including federal and foreign-funded schemes. He highlighted the record utilization of development funds in the last financial year, which has dispelled negative perceptions about fund wastage in Balochistan.

While acknowledging that ideal governance is not immediately achievable, he pledged serious steps to improve the system based on Balochistan's ground realities. He directed the Chief Minister Inspection Team and Monitoring and Evaluation Units to closely monitor project quality and speed to ensure public benefit. The Chief Minister announced a fast pace for development projects in the current financial year and directed that 99 percent technical approval of all proposed and approved schemes be ensured by July 25. He urged administrative secretaries to review shortcomings from the last financial year to improve future performance. Chief Minister Bugti expressed full confidence in officers' professional capabilities and affirmed that performance will be the decisive criterion for appointments, ensuring merit-based selections.

Regarding the Chief Minister Youth Skills Development Program, he emphasized its importance for youth development and directed its effective and accelerated implementation. He noted that development projects commenced on the first day of the new financial year, demonstrating the government's seriousness. He stressed activating District Development Committees to ensure immediate solutions to local public problems, emphasizing that the common person's problems are at the core of all government efforts. He highlighted the importance of field officers' presence and announced that new assistant commissioners will be posted to the field after their training.

Chief Minister Bugti advised young officers to make public service their mission, drawing inspiration from past examples of dedicated service despite resource limitations. He cited the transparent solar energy project for agricultural tube wells, where funds were transferred directly via the State Bank without corruption, and vowed to promote such effective and transparent mechanisms to restore public confidence. He urged all officers to work as a team to bring real change for the common Baloch citizen, making the government system subordinate to public service.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 10 JUL 2025 Page No. 11


## ہم چاہتے ہیں کہ ہمارے بچے باہر سے اعلیٰ تعلیم حاصل کریں، راحیلہ درانی

### تعلیم آپ کا حق ہے، اور حکومت کا فرض ہے کہ آپ کو بہتر تعلیم دے، طلبہ سے خطاب

کوئٹہ (اے پی پی) صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی کا ضلع پشین کے تعلیمی اداروں کا اچانک دورہ۔ صوبائی وزیر تعلیم بلوچستان راحیلہ حمید خان درانی نے منگل کے روز ضلع پشین کے مختلف تعلیمی اداروں کا اچانک دورہ کیا۔ ان کے ہمراہ سپیشل سیکرٹری اسکولز، ڈائریکٹر اسکولز، ڈائریکٹر کالجز اور دیگر اعلیٰ تعلیمی افسران بھی موجود تھے۔ وزیر تعلیم نے اسکولوں اور کالجوں میں طلبہ و طالبات اور اساتذہ سے ملاقات کی، ان کے مسائل سنے اور فوری حل بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے غیر فعال کمپیوٹر لیبارٹریز، سائنس لیبارٹریز اور لائبریریوں کو فوری طور پر فعال کرنے کی ہدایت جاری کی۔ راحیلہ حمید خان درانی نے طلبہ و طالبات کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ تعلیم ہی ترقی کا راستہ ہے۔ تعلیم آپ کا حق ہے، اور حکومت کا فرض ہے کہ آپ کو بہتر تعلیم دے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی محکمہ تعلیم پر خصوصی توجہ دے رہے ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ ہمارے بچے باہر سے اعلیٰ تعلیم حاصل کریں، لیکن ساتھ ہی ہم یہ بھی یقینی بنائیں گے کہ ہمارے اپنے تعلیمی ادارے بھی معیاری تعلیم فراہم کریں۔ وزیر تعلیم نے اساتذہ پر زور دیا کہ وہ اپنے فرائض ایمانداری سے نبھائیں اور غیر حاضری سے گریز کریں۔ انہوں نے کہا کہ طلبہ کو بہتر مستقبل کے لیے تیار کیا جائے۔ غیر حاضری کسی صورت قبول نہیں ہوگی۔ انہوں نے واضح کیا کہ حکومت اسکولوں اور کالجوں کو جدید سہولیات فراہم کر رہی ہے، لیکن اگر کوئی لیب یا لائبریری بند پائی گئی تو متعلقہ افسران کے خلاف سخت کارروائی ہوگی۔ وزیر تعلیم نے کہا کہ وہ صوبے بھر میں تعلیمی اداروں کے اچانک دورے جاری رکھیں گی تاکہ نگرانی کے ذریعے نظام تعلیم کو بہتر بنایا جا سکے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ تعلیم ہماری ترقی کی بنیاد ہے

## سوشل میڈیا پر میرے خلاف جھوٹا پروپیگنڈا کیا جا رہا ہے، حاجی نور محمد دمڑ

### زیارت میں محکمہ جنگلات کو اراضی کی الاٹمنٹ کا فیصلہ میرا نہیں سابق دور کا ہے

### حلقہ انتخاب کی ترقی و خوشحالی کی راہ میں کوئی رکاوٹ برداشت نہیں کرینگے

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا ہے کہ زیارت میں ایک لاکھ ستر ہزار ایکڑ اراضی محکمہ جنگلات کو الاٹمنٹ سابق دور کا فیصلہ ہے زیارت کے عوام جا کر ریونیو بورڈ، ڈی سی آفس اور ریونیو آفس زیارت میں ریکارڈ بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

چیک کرے سابق وزیر کی جانب سے سوشل میڈیا پر جنگلات کو زمین الاٹمنٹ کے حوالے سے بیان سر اسر جھوٹ اور حقی پروپیگنڈا ہیں جس مسترد کرتے ہے یہ تو وہ مثال ہے کہ چور مچائے شور والی بات ہے صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے سابق صوبائی وزیر کی جانب سے سوشل میڈیا پر لگائے گئے الزامات کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ جنگلات کی زمین کی الاٹمنٹ 2017 میں ہوئی عوام جا کر ریکارڈ چیک کرے، زیارت میں محکمہ جنگلات کو دی گئی ایک لاکھ ستر ہزار ایکڑ زمین کے حوالے سے سوشل میڈیا پر جاری الزامات پر صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے اپنے جاری کردہ وضاحتی بیان میں کیا

## محکمہ صحت کو جدید خطوط پر استوار کرنا اولین ترجیح ہے، بخت محمد کاکڑ

### عوام کو ان کی دہلیز پر صحت کی سہولیات فراہم کریں گے، صوبائی وزیر صحت

### عوام کے کئے گئے اعتماد کو کسی صورت ٹھیس نہیں پہنچائیں گے، وفد سے گفتگو

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ محکمہ صحت کو جدید خطوط پر استوار کرنا میرا اولین ترجیح ہے عوام کو ان کی دہلیز پر صحت کی سہولیات فراہم کریں گے اس سلسلے میں کوئی کمپرومائز نہیں کریں گے عوام نے ہم پر اعتماد کر کے ایوان تک پہنچایا عوام کے اعتماد کو کسی صورت ٹھیس نہیں پہنچائیں گے یہ بات انہوں نے مختلف وفود بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ محکمہ صحت کو جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے ہنگامی اقدامات اٹھا رہی ہے کیونکہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی بھی اولین ترجیح محکمہ صحت اور محکمہ تعلیم کی بہتری ہے تاکہ غریب عوام اس سے استفادہ حاصل کرسکیں عوام کو بہترین اور سستا علاج کی فراہمی کیلئے ہر ممکن کوشش بروئے کار لا رہے ہیں غریب عوام کو ادویات سمیت دیگر صحت سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کر رہے ہیں ترقیاتی منصوبوں پر کوئی رکاوٹ قابل قبول نہیں ہے اور نہ ہی غیر معیاری اور ناقص میٹریل استعمال کرنے کی اجازت دینگے۔

## کسی بھی این جی اوز کی رجسٹریشن منسوخ نہیں کی ہے، محمد سلیم کھوسہ

### اب تمام فلاحی اداروں، ایسوسی ایشنز، یونینز کی رجسٹریشن پی آر اے سے کروانا لازمی ہے

کوئٹہ (آن لائن) ڈائریکٹر جنرل بلوچستان چیریٹیز رجسٹریشن اینڈ ریگولیشن اتھارٹی محمد سلیم کھوسہ نے کہا ہے کہ بلوچستان چیریٹیز رجسٹریشن اینڈ ریگولیشن اتھارٹی نے کسی بھی این جی اوز کی رجسٹریشن منسوخ نہیں کی ہے اخبارات اور سوشل میڈیا میں زیر گردش خبروں کی انہوں نے تردید کرتے ہوئے کہا کہ نئے قوانین کے مطابق تمام این جی اوز، فاؤنڈیشن، ٹرسٹ، مدارس، مساجد، ایسوسی ایشنز، یونینز، کمیونٹی آرگنائزیشنز کو اب بلوچستان چیریٹیز رجسٹریشن اینڈ ریگولیشن اتھارٹی سے رجسٹریشن سرٹیفکیٹ حاصل کرنا ہے انہوں نے کہا کہ ہمارا مقصد ان تمام تنظیموں این جی اوز ٹرسٹ فاؤنڈیشنز کو قانونی تحفظ فراہم کرنا ہے جو بھی فلاحی تنظیم، این جی او، ٹرسٹ، فاؤنڈیشن قانونی دستاویزات مکمل کر کے پی سی آر اے سے رجسٹریشن حاصل کریں گی وہی فلاحی سرگرمیوں کے کاموں کے لئے اہل ہوگی انہوں نے کہا کہ رجسٹریشن کے بغیر فنڈز وصول کر کے کام کرنے والی فلاحی تنظیموں اور اداروں کے خلاف کارروائی کے اختیارات ڈپٹی کمشنرز کے تفویض کر دیے گئے ہیں جو اپنے اپنے اضلاع میں غیر رجسٹرڈ این جی اوز کیخلاف کارروائی کریں گے انہوں نے کہا کہ بلوچستان چیریٹیز رجسٹریشن اینڈ ریگولیشن اتھارٹی نے محکمہ سماجی بہبود کے تحت رجسٹرڈ فلاحی تنظیموں کو پی سی آر اے سے رجسٹریشن حاصل کرنے کی ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ 31 جولائی تک بلوچستان چیریٹیز رجسٹریشن اینڈ ریگولیشن اتھارٹی سے رجسٹریشن حاصل کر لیں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No 1 Dated: 10 JUL 2025 Page No. 12

وفاقی وزیر بحری امور

## گوادر میں مچھلی بڑی مقدار میں ضائع ہو رہی ہے

پاکستان کی پہلی 10 سالہ قومی ماہی گیری اور آبی کاشتکاری پالیسی تیار کر لی گئی ہے، بلیو اکانومی کے فروغ کے لئے نئی پالیسی ایک اہم سنگ میل [illegible]

**وزارت کا سب سے پہلا فوکس بلوچستان کے ماہی گیروں پر ہے جو گوادر پورٹ کی کامیاب کارکردگی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں**

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر بحری امور محمد جنید انوار چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان کی پہلی 10 سالہ قومی ماہی گیری اور آبی کاشتکاری پالیسی تیار کر لی گئی ہے انہوں نے کہا کہ ملک میں خوراک کے تحفظ، پائیدار ترقی اور بلیو اکانومی کے فروغ کے لئے یہ پالیسی ایک اہم سنگ میل ہے۔ وہ وفاقی دارالحکومت کے ایک ہوٹل میں وزارت بحری امور کی جانب سے [illegible] ماہی گیری پالیسی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ گوادر میں بڑی مقدار میں مچھلی ضائع ہو رہی ہے [illegible] بقیہ نمبر 70 صفحہ 5 پر

[illegible]

## محکمہ ایکسائز کو جدید بنانے کیلئے کوشاں ہیں، میر محمد خان لہڑی

**انسداد منشیات سیل کی ٹیمیں ہر سطح پر متحرک ہیں، کئی گروہوں کو بے نقاب کیا ہے**

نصیر آباد (ل ن) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے سینئر رہنما، رکن بلوچستان اسمبلی اور صوبائی پارلیمانی مشیر برائے محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن حاجی میر محمد خان لہڑی نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت کی اولین ترجیحات میں ادارہ جاتی اصلاحات، شفافیت اور عوامی خدمت شامل ہے محکمہ ایکسائز کو ایک جدید، فعال اور موثر ادارہ بنانے کیلئے انقلابی نوعیت کے اقدامات کیے جا رہے ہیں جن بقیہ نمبر 52 صفحہ 5 پر

کے ثمرات عوام کو براہ راست ملنا شروع ہو گئے ہیں انہوں نے کہا کہ محکمہ ایکسائز محض محصولات کی وصولی اور رجسٹریشن و لائسنسنگ کا ادارہ نہیں بلکہ اب یہ محکمہ منشیات کی اسمگلنگ اور غیر قانونی سرگرمیوں کے خلاف بھرپور جنگ بھی لڑ رہا ہے انسداد منشیات سیل کی ٹیمیں ہر سطح پر متحرک ہیں جنہوں نے مختلف چھاپوں اور کارروائیوں کے ذریعے کئی منشیات فروش گروہوں کو بے نقاب کیا اور ان کے نیٹ ورک کو توڑا ہے جو معاشرے کو زہر آلود کر رہے تھے حاجی محمد خان لہڑی نے کہا کہ محکمے کی کارکردگی میں شفافیت، میرٹ اور ٹیکنالوجی کا فروغ اولین ہدف ہے۔ ڈیجیٹل نظام کی مدد سے محصولاتی کارروائیوں کی نگرانی، ریونیو میں اضافے اور عوامی شکایات کے ازالے میں غیر معمولی بہتری آ رہی ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 10 JUL 2025 Page No. 13

بھارتی مذموم عزائم بلوچستان کو غیر مستحکم کرنے کی منظم سازش کا حصہ، کوئی بھی پاکستان کے ایٹمی پروگرام کو نشانہ بنانے کی جرأت نہیں کر سکتا، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری

# بھارت اجیت دوول بلوچستان میں دہشتگردوں کی سرپرستی کر رہا ہے: ڈی جی آئی ایس پی آر

پاکستان ذمہ دار اور ڈکلیئرڈ ایٹمی قوت ہے

ریاستی سرپرستی میں دہشتگردی کو بھارت نے بطور پالیسی پاکستان کے خلاف اپنایا ہوا ہے، امریکا اور کینیڈا سمیت کئی ممالک بھی بھارتی ریاستی دہشت گردی کا اعتراف کر چکے ہیں

بھارت پاکستان میں دہشت گرد کارروائیوں کی حمایت اور مالی معاونت کر رہا ہے، بھارتی سیاسی قیادت متعدد مواقع پر پاکستان میں دہشت گردی کی پشت پناہی کا اعتراف کر چکی ہے

اسلام میں جہاد یا قتال کا اختیار صرف ریاست کے پاس ہے، کسی فرد، تنظیم یا گروہ کو اختیار نہیں، فتنہ الخوارج کا اسلام، انسانیت، پاکستان یا پاکستانی روایات سے کوئی تعلق نہیں

پاکستان اسلامی ممالک کے خلاف کسی بھی جارحیت کو علاقائی استحکام کے لیے سنگین خطرہ سمجھتا ہے، پاکستان کا ایٹمی پروگرام مکمل طور پر محفوظ ہے، ترجمان پاک فوج کا انٹرویو

راولپنڈی (زاہد احمد خان) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے ڈائریکٹر جنرل، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ کوئی بھی پاکستان کے ایٹمی پروگرام کو نشانہ بنانے کی جرات نہیں کر سکتا، پاکستان کا ایٹمی پروگرام مکمل ......... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

طور پر محفوظ ہے، ریاستی سرپرستی میں ہونے والی دہشتگردی کو بھارت نے ایک پالیسی کے طور پر پاکستان کے خلاف اپنایا ہوا ہے، بھارت کے یہ مذموم عزائم پاکستان کی سلامتی، بالخصوص بلوچستان کو غیر مستحکم کرنے کی منظم سازش کا حصہ ہیں۔ الجزیرہ ٹی وی کو دیے گئے انٹرویو میں لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے وضاحت کی کہ خوارج کی اصطلاح ان مسلح گروہوں کے لیے استعمال کی جاتی ہے جو ریاست اور افواج پاکستان پر حملے کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ فتنہ الخوارج درحقیقت اسی گمراہ عقیدے کا تسلسل ہے، جو صدیوں سے مسلمانوں کو اپنے نظریاتی انحراف کی بنیاد پر قتل کرتا چلا آیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اسلام میں جہاد یا قتال کا اختیار صرف ریاست کے پاس ہے، کسی فرد، گروہ یا تنظیم کو یہ حق حاصل نہیں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے اس بات پر زور دیا کہ فتنہ الخوارج کا نہ اسلام، نہ انسانیت، نہ پاکستان اور نہ ہی ہماری روایات سے کوئی تعلق ہے۔ اسی طرح انہوں نے فتنہ الہندوستان کی اصطلاح کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ یہ ان دہشتگردوں کے لیے استعمال کی جاتی ہے جنہیں بھارت کی مکمل سرپرستی حاصل ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ عناصر بلوچستان میں خاص طور پر ملک کو غیر مستحکم کرنے کے لیے سرگرم ہیں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ بھارتی ریاستی دہشتگردی کا نیٹ ورک اجیت دوول کی سربراہی میں کام کر رہا ہے اور بھارت کی سیاسی قیادت متعدد مواقع پر پاکستان میں دہشتگردی کی پشت پناہی کا مکمل کھلا اعتراف کر چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ، کینیڈا سمیت کئی مغربی ممالک بھارتی ریاستی دہشتگردی کا اعتراف کر چکے ہیں، جو ایک سنگین عالمی خطرے کی نشاندہی کرتا ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے انٹرویو کے دوران ایران پر اسرائیلی جارحیت کی مذمت کرتے ہوئے پاکستان کی سیاسی وسفارتی حمایت کا اعادہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اسلامی ممالک کے خلاف کسی بھی جارحیت کو علاقائی استحکام کے لیے سنگین خطرہ سمجھتا ہے۔ جوہری پروگرام سے متعلق سوال کے جواب میں لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے واضح اور پرعزم موقف اپناتے ہوئے کہا کہ پاکستان کا ایٹمی پروگرام مکمل طور پر محفوظ ہے اور کوئی بھی ملک اسے نشانہ بنانے کی جرات نہیں کر سکتا۔ انہوں نے کہا، پاکستان ایک ذمہ دار اور ڈکلیئرڈ ایٹمی طاقت ہے۔ ہماری جوہری صلاحیت ناقابل تسخیر ہے اور یہ پاکستان کی دفاعی صلاحیتوں اور موجودہ علاقائی توازن پر اعتماد کی عکاسی کرتی ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 10 JUL 2025 Page No. 14


## بلوچستان سرمایہ کاری کیلئے تیار، قطر کو خوش آمدید کہیں گے، بلال کاکڑ

**حکومت تمام سہولیات فراہم کریگی، عبدالکبیر زرگون کے ہمراہ قطر کے سفیر سے ملاقات**

اسلام آباد (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ اور سی ای او عبدالکبیر زرگون نے پاکستان میں قطر کے سفیر علی مبارک علی عیسیٰ الخاطر سے ملاقات کی، اس موقع پر بلوچستان میں سرمایہ کاری اور باہمی ترقیاتی منصوبوں پر بات چیت کی گئی۔ سی ای او عبدالکبیر زرگون نے بلوچستان میں جاری اور مستقبل کے سرمایہ کاری منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے معدنیات، بنیادی ڈھانچے، توانائی، زراعت، سیاحت اور لاجسٹکس سمیت مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع پر روشنی ڈالی۔ وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے بلوچستان کی سرمایہ کاری کے لیے تیاری اور پرکشش ماحول پر زور دیتے ہوئے کہا کہ بلوچستان سرمایہ کاری کے لیے کھلا ہے۔ حکومت بلوچستان غیر ملکی اور ملکی سرمایہ کاروں کو مکمل سہولیات فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ ہمارا مقصد بلوچستان کو پائیدار ترقی اور معاشی رابطوں کا مرکز بنانا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم قطر کی پاکستان میں ترقیاتی شراکت داری کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ تجارت اور سرمایہ کاری کے شعبوں میں دوطرفہ تعلقات کو فروغ دینا دونوں ممالک کے مفاد میں ہے۔ ہم قطری سرمایہ کاروں کو بلوچستان کے وسیع مواقع سے استفادہ کرنے کی دعوت دیتے ہیں۔ انہوں نے قطری سفیر کو بلوچستان کا دورہ کرنے کی دعوت دی تاکہ وہ صوبے کی صلاحیتوں کا مشاہدہ خود کر سکیں۔

## پاک ایران تجارتی حجم بڑھانے کے لئے مشترکہ اقدامات ناگزیر ہیں، علی رضا رجائی

**پاکستان کی بزنس کمیونٹی کو ہر ممکن سہولت کی فراہمی کے لئے پرعزم ہیں، ایرانی قونصل جنرل کی وفد سے بات چیت**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ میں متعین ایرانی قونصل جنرل علی رضا رجائی نے کہا ہے کہ ایران پاکستان کی بزنس کمیونٹی کو ہر ممکن سہولت کی فراہمی کے لئے پرعزم ہے دوطرفہ تجارتی حجم کو بڑھانے کے لئے مشترکہ اقدامات ناگزیر ہیں یہ باتیں انہوں نے گزشتہ روز ایران پاکستان چیمبر، پاک ایران مشترکہ چیمبر اور کوئٹہ چیمبر آف سمال انڈسٹری کے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہیں وفد میں ایران پاکستان چیمبر کے حاجی غلام قادر ریکی، پاک ایران مشترکہ چیمبر کے سینئر نائب صدر قاری نعیم الرحمن، نائب صدر ڈاکٹر فرحت حسین، حاجی ابراہیم پوسلزئی، کوئٹہ چیمبر آف سمال انڈسٹری کے نائب صدر عطااللہ مینگل، فیڈریشن آف پاکستان کی سابق نائب صدر فرزانہ بلوچ و دیگر بھی موجود تھے ایرانی قونصل جنرل نے کہا کہ ایران پاکستان کے ساتھ قانونی تجارت کے فروغ کے لئے بھرپور اقدامات کر رہا ہے ہم پاکستان کی بزنس کمیونٹی کو ہر ممکن سہولت کی فراہمی کے لئے پرعزم ہیں انہوں نے کہا کہ جلد ایران میں دو سن ایکسپو کا انعقاد کریں گے۔

## بارکھان میں ٹارگٹڈ آپریشن، کالعدم تنظیم کے چار دہشت گرد گرفتار

**ٹھکانے سے بھاری تعداد میں اسلحہ، نقشے اور دیگر دستاویزات قبضے میں لے لی گئیں**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سیکورٹی فورسز نے بارکھان میں ٹارگٹڈ آپریشن کرتے ہوئے کالعدم تنظیم کے چار دہشت گردوں کو گرفتار کر کے بھاری تعداد میں اسلحہ قبضے میں لے لیا سیکورٹی ذرائع کے مطابق قانون نافذ کرنے والے اداروں کو خفیہ اطلاع ملی تھی کہ دہشت گردوں نے بارکھان میں حساس تنصیبات پر حملوں کی منصوبہ بندی کی ہے اور اس مقصد کیلئے کالعدم تنظیم کے دہشت گرد بارکھان کے علاقوں چھپر اور رڑکن میں موجود ہیں جس پر سیکورٹی فورسز کے ہمراہ گزشتہ روز ٹارگٹڈ آپریشن کرتے ہوئے چار دہشت گردوں کو گرفتار کر کے ان کے ٹھکانے سے بھاری تعداد میں اسلحہ، نقشے اور دیگر دستاویزات قبضے میں لے لی ذرائع کے مطابق گرفتار دہشت گرد کئی دہشت گردی کے واقعات میں بھی ملوث ہے ان کے سہولت کاروں کی گرفتاری کیلئے بھی آپریشن جاری ہے۔

## محکمہ قانون کے افسران کی سول سیکرٹریٹ میں تعیناتی، ٹینیور پالیسی نظر انداز

**ٹینیور پالیسی نہ ہونے کی وجہ سے کئی گریڈ 18 اور 19 کے افسران طویل عرصے سے مخصوص عہدوں پر براجمان ہیں**

**پالیسی پر غلط پروپیگنڈہ ہو رہا ہے، محکمہ قانون کیلئے اسپیشل پوسٹیں رکھی گئیں، یہ سول سیکرٹریٹ کی نہیں، سیکرٹری لاء**

کوئٹہ (نیم حمید یوسف زئی) محکمہ قانون بلوچستان کے افسران کی سول سیکرٹریٹ میں تعیناتی سے متعلق ٹینیور پالیسی کی کھلم کھلا خلاف ورزی کا سلسلہ جاری کوئی پرسان حال نہیں ذرائع کے مطابق محکمہ قانون بلوچستان کے افسران کی سول سیکرٹریٹ تعیناتی سے متعلق ٹینور پالیسی کی کھلم کھلا خلاف ورزی جاری ہے، متعدد ڈسٹرکٹ اور اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ اٹارنیز برسوں سے سیکرٹریٹ میں تعینات ہیں، جہاں وہ نہ صرف اضافی تنخواہیں وصول کر رہے ہیں بلکہ محکمہ کی سرکاری گاڑیوں اور دیگر مراعات سے بھی مستفید ہو رہے ہیں، حالانکہ یہ گاڑیاں ایس اینڈ جی اے ڈی کی جانب سے ملی چاہئیں اور محکمہ قانون کی گاڑیاں ڈسٹرکٹ و اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ اٹارنیز کو دی جانی چاہئیں۔ دوسری جانب ذرائع کے مطابق ٹینیور پالیسی پر عملدرآمد نہ ہونے کی وجہ سے محکمہ کے کئی گریڈ 18 اور 19 کے افسران طویل عرصے سے مخصوص عہدوں پر براجمان ہیں، جب کہ دیگر اہل افسران کو ان عہدوں پر تعیناتی سے محروم رکھا جا رہا ہے۔ کئی افسران ایسے بھی ہیں جو سیٹ سے ریٹائرڈ بھی ہوئے اور اسی طرح کثیر تعداد میں ایسے افسران بھی ہیں جو اپنے متعلقہ اضلاع میں خدمات انجام دے رہے ہیں لیکن گاڑیوں اور دیگر ضروری سہولیات سے محروم ہیں، جس سے ان میں شدید مایوسی پائی جاتی ہے۔

## پاکستان پوسٹ اور محکمہ تعلقات عامہ بلوچستان کے مابین ڈاک بھجوانے کے معاہدہ پر دستخط

**86 جی پی اوز ڈیجیٹل اور کمپیوٹرائزڈ کر دیئے گئے، منیجر مارکیٹنگ پاکستان پوسٹ کی ڈی جی پی آر سے گفتگو**

کوئٹہ (خ ن) ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز محمد نور کھیتران سے منیجر مارکیٹنگ پاکستان پوسٹ فیصل جہانگیر نے ملاقات کی۔ ان کو پاکستان پوسٹ کی مختلف سروسز کے بارے میں آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت پورے ملک میں 86 جی پی اوز ڈیجیٹل اور کمپیوٹرائزڈ کر دیے گئے ہیں صارفین اپنے گھر میں بیٹھے ٹریک اینڈ ٹریس سسٹم کے ذریعے بھیجے گئے خطوط کی جگہ کا تعین کر سکیں گے کہ ان کا خط ابھی کہاں پہنچا ہے۔ فیصل جہانگیر نے کہا کہ دور جدید کے حوالے سے پاکستان پوسٹ کی سروسز کو بھی تیز کر دیا گیا ہے ارجنٹ میل سروس کے ذریعے بھیجا گیا خط جہاز کے ذریعے جاتا ہے تاکہ کم وقت میں خط وصول کرنے والوں کو مل جائے۔ صارفین کو ان کی دہلیز پر سروسز مہیا کر رہے ہیں انہوں نے کہا پاکستان پوسٹ ہمارا قومی ادارہ ہے تمام سرکاری اداروں کو پاکستان پوسٹ کی سروسز سے مستفید ہونا چاہیے۔ ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز بلوچستان محمد نور کھیتران اور فیصل جہانگیر نے پاکستان پوسٹ اور محکمہ تعلقات عامہ بلوچستان کے مابین ڈاک بھجوانے کے معاہدہ پر دستخط بھی کیے۔

MASHRIQ QUETTA

## چمن کے عوامی مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرینگے، عبدالخالق اچکزئی

**ترقیاتی عمل کے ذریعے لوگوں کی زندگی کو سہل بنائیں گے، اسپیکر بلوچستان اسمبلی**

کوئٹہ (اے پی پی) اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی نے کہا ہے کہ چمن کے لوگوں کے بنیادی مسائل کا حل اولین ترجیح ہے ترقیاتی عمل کو جدید خطوط پر استوار کر کے لوگوں کی طرز زندگی کو سہل بنائیں گے۔ ڈیجیٹل ضلع کے باعث دستاویزات کے حصول میں آسانی ہوگی ہے، قانون و امن، تعلیم، صحت، بنیادی ڈھانچے، صاف پانی، روزگار اور دیگر سماجی و معاشی شعبوں میں انقلابی اقدامات جاری ہیں تاکہ عوام کی زندگی میں حقیقی ......... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

بہتری لائی جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے چمن سے تعلق رکھنے والے حاجی علاؤ الدین اور حاجی غلام رسول کی قیادت میں ملاقات کیلئے آنے والے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ وفد نے اسپیکر کو مختلف مسائل سے آگاہ کیا۔ اسپیکر بلوچستان اسمبلی نے یقین دہانی کرائی کہ ان کے بنیادی مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن کوششیں کی جا رہی ہے، چمن کے بنیادی مسائل کا حل اولین ترجیح ہے ترقیاتی عمل کو جدید خطوط پر استوار کر کے لوگوں کی طرز زندگی کو سہل بنائیں گے۔ ڈیجیٹل ضلع کے باعث دستاویزات کے حصول میں آسانی ہوگی ہے، سڑکوں کی تعمیر، پینے کے پانی کی اسکیموں، سیوریج سسٹم، اور بجلی کی ترسیل کے منصوبے تیزی سے جاری ہیں نوجوانوں کے لیے ہنرمندی کے تربیتی مراکز، کھیلوں کے میدان اور کاروباری مواقع پیدا کیے جا رہے ہیں تاکہ وہ خود کفیل بن سکیں بلکہ قانون و امن، تعلیم، صحت، بنیادی ڈھانچے، صاف پانی، روزگار اور دیگر سماجی و معاشی شعبوں میں انقلابی اقدامات جاری ہیں تاکہ عوام کی زندگی میں حقیقی بہتری لائی جا سکے۔

MASHRIQ QUETTA

## عوام کے مسائل نچلی سطح پر حل کرنے کیلئے کوآرڈینیشن کمیٹیاں قائم

**کمیٹی کا سربراہ ڈی سی، منتخب رکن اسمبلی، ایس پی، اور دیگر حکام ممبر ہونگے**

**حکومت نے 36 اضلاع کیلئے ایک ایک ارب روپے کا فنڈ مختص کیا ہے**

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان حکومت نے عوام کے مسائل نچلی سطح پر حل کرنے کیلئے ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹیاں قائم کر دیں، ڈپٹی کمشنر کی سربراہی میں قائم کمیٹی میں علاقے سے منتخب رکن اسمبلی بھی شامل ہوں گے۔ محکمہ خزانہ بلوچستان کے حکام کے مطابق صوبائی حکومت نے صوبے کے تمام 36 اضلاع کیلئے ایک ایک ارب روپے کا فنڈ مختص ......... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

کیا ہے، جو ضلعی سطح پر قائم ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کی نگرانی میں خرچ ہوگا ڈپٹی کمشنر کی سربراہی میں قائم کمیٹی میں علاقے سے منتخب رکن اسمبلی، ایس پی، اور دیگر حکام شامل ہوں گے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 10 JUL 2025 Page No. 15


# رجسٹریشن نہ کرنیوالے پرائیویٹ سکولز کو سیل کر دیا جائیگا ڈپٹی کمشنر نصیر آباد

## تمام پرائیویٹ سکولز روزانہ کی بنیاد پر پرچم کشائی اسمبلی کی تصاویر ضلعی انتظامیہ اور ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے ضلعی افسران کے ساتھ شیئر کرنے کے پابند ہونگے

## ضلعی انتظامیہ سکولوں کو اسلحہ لائسنس فراہم کرے گی یہ اسلحہ صرف سکول ٹائمنگ میں استعمال کیا جاسکے گا منیر کاکڑ کا پرائیویٹ سکولز مالکان کے اجلاس سے خطاب

نصیر آباد (خ ن + نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد منیر احمد خان کاکڑ کی زیر صدارت پرائیویٹ سکولز مالکان کا اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر عبد اللطیف کاکڑ اسسٹنٹ کمشنر چھتر بہادر خان کھوسہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عبد الحمید ابڑو ڈپٹی کمشنر کے پی ایس منظور شیرازی سمیت پرائیویٹ سکولز کے مالکان اور ان کے نمائندگان نے شرکت کی اجلاس کے موقع پر آگاہی فراہم کی گئی کہ ضلع نصیر آباد میں 46 پرائیویٹ سکول جبکہ ڈویژنل ہیڈ کوارٹر ڈیرہ مراد جمالی میں 30 پرائیویٹ سکول ہیں ڈپٹی کمشنر نصیر آباد منیر احمد خان کاکڑ نے اجلاس میں کئی پرائیویٹ سکول کے مالکان کی عدم شرکت پر اظہار برہمی کا اظہار کیا اور ان کے خلاف کارروائی کرنے کے احکامات دیئے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نصیر آباد منیر احمد خان کاکڑ نے کہا کہ حکومت بلوچستان کے تمام احکامات پر عملدرآمد کو یقینی بنانا سب پر لازم ہے تمام پرائیویٹ سکولز پر لازم ہے کہ وہ روزانہ کی بنیاد پر سکول میں اسمبلی کروائیں قومی ترانے سمیت پرچم کشائی کی جائے گی اس کے ساتھ ساتھ پاکستان اسٹڈی کے مضمون پر خصوصی توجہ دی جائے خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی اسسٹنٹ کی پالیسی پر ہر صورت عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے گا اساتذہ سکول میں بچوں کی بہتر معنوں میں نشوونما کریں سکولوں میں بچوں کو موبائل فون استعمال نہ کرنے دیں جو بچے منفی سرگرمیوں میں ملوث پائے جائیں تو ان کے والدین کو فوری طور پر آگاہی فراہم کی جائے اساتذہ بچوں کی ذہنیت کو بہتر معنوں میں سنوارنے میں اپنا کردار ادا کریں ڈپٹی کمشنر نصیر آباد منیر احمد خان کاکڑ نے کہا کہ تمام پرائیویٹ سکولز روزانہ کی بنیاد پر پرچم کشائی اسمبلی کی تصاویر ضلعی انتظامیہ اور ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے ضلعی افسران کے ساتھ شیئر کرنے کے پابند ہونگے جبکہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نصیر آباد اور اسسٹنٹ کمشنرز بھی سرپرائز وزٹ کر کے تمام تر صورتحال کا جائزہ لیں گے انہوں نے کہا کہ تمام پرائیویٹ سکولز مالکان اس بات کے پابند ہونگے کہ وہ سکولوں میں پرائیویٹ سکیورٹی گارڈز رکھیں کیونکہ والدین اپنے دل کے گوشے پڑھنے کے لئے سکول بھیجتے ہیں اس لیے وقت اور حالات کے تقاضوں کے مطابق احتیاطی تدابیر اختیار کی جائیں ضلعی انتظامیہ ان سکولوں کو اسلحہ لائسنس فراہم کرے گی وہ لائسنس یافتہ اسلحہ صرف سکول ٹائمنگ میں استعمال کیا جاسکے گا انہوں نے کہا کہ ضلع نصیر آباد میں جو بھی پرائیویٹ سکولز تاحال رجسٹرڈ نہیں ہیں وہ فوری طور پر رجسٹریشن کا عمل مکمل کریں بصورت دیگر ان سکولوں کو سیل کر دیا جائے گا۔


INTEKHAB QUETTA


# ترقیاتی عمل کو شفاف بنانے میں صحافیوں کا کردار کلیدی حیثیت رکھتا ہے، سیکرٹری اطلاعات

## محکمہ اطلاعات صحافیوں کے ساتھ رابطے کو مزید مضبوط بنانے کیلئے اقدامات کرے گا، عمران خان

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری اطلاعات حکومت بلوچستان عمران خان کی زیر صدارت ایک اہم اجلاس محکمہ اطلاعات کے دفتر میں منعقد ہوا، جس میں ڈائریکٹر جنرل نور کھیتران سمیت ضلع کوئٹہ کے تمام بیورو چیفس نے شرکت کی۔ اجلاس کا مقصد ضلع کوئٹہ سمیت دیگر علاقوں میں حکومت بلوچستان کی جانب سے جاری ترقیاتی منصوبوں اور سرگرمیوں کی مؤثر انداز میں رپورٹنگ کو یقینی بنانا تھا۔ اجلاس میں تمام بیورو چیفس نے حکومت کے مختلف ترقیاتی منصوبوں کی نشاندہی کی اور ان کی زمینی سطح پر پیش رفت پر روشنی ڈالی۔ اس موقع پر ترقیاتی کاموں میں پائی جانے والی ممکنہ خامیوں، رکاوٹوں اور عوامی شکایات پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ سیکرٹری اطلاعات عمران خان نے کہا کہ صحافیوں کا کردار ترقیاتی عمل کو شفاف اور مؤثر بنانے میں کلیدی حیثیت رکھتا ہے۔ انہوں نے بیورو چیفس پر زور دیا کہ وہ جہاں ترقیاتی


بقیہ نمبر 37 صفحہ 5 پر


سرگرمیوں کو اجاگر کریں، وہیں اگر کوئی خامی، کوتاہی یا بہتری کی گنجائش ہو تو وہ تجاویز کی صورت میں حکومت کے سامنے لائی جائیں تاکہ عوامی مفاد میں بروقت اقدامات کیے جا سکیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ محکمہ اطلاعات صحافیوں کے ساتھ رابطے کو مضبوط بنانے اور ان کے مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات کرے گا۔


CamScanner

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 10 JUL 2025 Page No. 16


## عوام کو انصاف اور حقوق کی فراہمی تک جدوجہد جاری رہیگی، ہدایت الرحمٰن

**25 جولائی کو شروع ہونیوالے لانگ مارچ میں نوجوان، علماء کرام اور ہر طبقہ فکر کے لوگ شریک ہوں گے**

کوئٹہ (پ ر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ جماعت اسلامی اہل بلوچستان کیساتھ زیادتیوں، لوٹ مار، حقوق نہ دینے، وسائل ومعدنیات پر قبضے، لاپتہ افراد کی عدم بازیابی، بارڈر بندش، ناجائز چیک پوسٹوں کے خلاف لانگ مارچ کر کے بلوچستان کی آواز بنے گی مظلوم عوام کو انصاف اور حقوق کی فراہمی تک ہماری جدوجہد جاری رہے گی آج ہم محفوظ ہیں نہ ہمارے بچے اور وسائل محفوظ ہیں۔ ظالموں لٹیروں کا راستہ روکنا وقت کی اہم ضرورت اور مسائل کے حل کی راہ ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے صوبائی سیکرٹریٹ میں وفود سے ملاقات کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد کے حکمرانوں کو خواب غفلت سے بیدار اور حقوق لینے کیلئے 25 جولائی کو اسلام آباد کی طرف مارچ شروع ہوگا لانگ مارچ میں بلوچستان کے تمام علاقوں کے جوان علماء کرام اور ہر طبقہ فکر کے لوگ شریک ہوں گے۔ امرائے اضلاع ذمہ داران حق دو بلوچستان مہم، اسلام آباد لانگ مارچ کی کامیابی کیلئے منظم جدوجہد تیز کریں۔ اگر ہم نے ظلم ناانصافی بدعنوانی کے خلاف جدوجہد تیز نہ کی تو حالات مزید خراب ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ منظم انداز میں بلوچستان کے وسائل پر قبضے کی سازش ہورہی ہیں۔

## پشتون بلوچ اقوام کے وسائل لوٹنے کیلئے بدامنی کا ڈرامہ رچایا گیا، اے این پی

**مقامی زبانوں کے شعبے ختم کرنا باعث تشویش، حکمران اشرافیہ خطرناک ڈگر پر چل پڑی ہے**

**قبائل کی زمینوں پر قبضہ اور غیر قانونی ترامیم قبول نہیں، اصغر اچکزئی کی زیر صدارت اجلاس**

کوئٹہ (پ ر) عوامی نیشنل پارٹی کی صوبائی کابینہ کا اجلاس ارباب ہاؤس میں زیر صدارت صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی منعقد ہوا اجلاس میں ملکی سیاسی صورتحال صوبے میں امن وامان تنظیمی امور سے متعلق تفصیل سے غور وخوض ہوا اجلاس میں مقتدرہ کی ایماء پر حکومت کی جانب سے صوبے کے جامعات میں قائم مقامی زبانوں پشتو بلوچی براہوی کی ترویج وترقی کیلئے قائم شعبہ جات کی بندش پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا کہ حکمران اشرافیہ جس ڈگر پر چل پڑی ہے اس کے نتائج انتہائی بھیانک ہوں گے، پارٹی اس ناروا قوم دشمن زبان دشمن عمل کے خلاف دیگر ترقی پسند قوم پرست سیاسی جماعتوں اور طلبا تنظیموں کیساتھ مل کر بھرپور احتجاج کا حق محفوظ رکھتی ہے اجلاس میں بلوچستان اور پشتونخوا میں امن وامان کی گھمبیر صورتحال مسلط کردہ دہشت گردی پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا کہ پشتون بلوچ اقوام کے وسائل لوٹنے کیلئے بدامنی کا ڈرامہ رچایا گیا ہے تاکہ وہاں کے وسائل کو آرام سے لوٹا جاسکے باجوڑ وزیرستان میں طیاروں کی گرج، شیرانی ژوب برنائی پشین قلعہ عبداللہ چمن میں انجانے [illegible] عملیات اسی سلسلے کی کڑیاں ہے مقامی قبائل کی آباؤ اجداد کی زمینوں کو الاٹمنٹ کے نام پر قبضہ گیری جاری ہے دوسری جانب ان ناروا عملیات کو قانونی جواز فراہم کرنے کیلئے نام نہاد مصنوعی حکومتیں اسمبلیوں سے ترامیم پر ترامیم منظور کروا رہی ہے مائنز اینڈ منرل ایکٹ اور دوسرے ترامیم کی منظوری ہائبرڈ رجیم کی سب سے بڑا ثبوت ہے جو کسی صورت قابل قبول عمل نہیں اجلاس میں وفاقی حکومت کی جانب سے قبائلی اضلاع سابقہ فاٹا انضمام پر نظر ثانی کیلئے قائم کمیٹی کی تشکیل کی مذمت کرتے ہوئے کہا گیا کہ وفاقی حکومت ان جیسے حساس ایشوز کو چھیڑ کر دراصل اٹھارویں ترمیم رول بیک کرنے کیلئے راستہ صاف کررہی ہے، اجلاس میں شہدائے اگست کی یاد میں ضلع قلعہ سیف اللہ کے زیر اہتمام بمقام مسلم باغ مرکزی جلسہ عام سے متعلق غور وخوض ہوا جس میں مرکزی صدر ایمل ولی خان سمیت صوبائی ومرکزی قیادت خصوصی شرکت کرینگے اجلاس میں شہدا کلالک ملک قاسم خان مہترزئی ملک محبت خان مہترزئی جمعہ لالا کی 13 ویں برسی پر انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے اس عہد کا اظہار کیا گیا کہ 13 جولائی کو کان مہترزئی میں ان کی لازوال قربانی پر یاد ریفرنس منعقد کیا جائے گا اجلاس میں عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی مجلس عاملہ کا اجلاس 19 جولائی کو صبح 10 بجے کوئٹہ پریس کلب میں طلب کیا گیا۔

## آئین اور جمہوریت کی بالادستی کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کرینگے، مولانا واسع

**جمعیت نے ہمیشہ پرامن جدوجہد کی اور اس میں نمایاں کامیابیاں حاصل کی ہیں**

کوئٹہ (این این آئی) امیر جمعیت علماء اسلام بلوچستان سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ ہم ہر طرح کے ذاتی اور گروہی مفادات سے بالاتر ہو کر صرف جمہوری اقدار کی بحالی اور حقیقی جمہوریت کے قیام کی جدوجہد کر رہے ہیں۔ ہمارا مشن ملک میں آئین اور جمہوری نظام کی بالادستی ہے، اور اس راہ میں کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علمائے اسلام نے ہمیشہ پرامن اور عدم تشدد کے اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے جدوجہد کی ہے اور اسی حکمت عملی کے تحت نمایاں کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ آج ملک کی سب سے منظم اور مضبوط عوامی قوت جمعیت علمائے اسلام ہے، جسے عوام کی بھرپور حمایت حاصل ہے ملکی مفاد اور استحکام کی خاطر ہم تاحال صبر وتحمل سے کام لے رہے ہیں، مگر حکومت کا رویہ ہمیں مجبور کر رہا ہے کہ ہم عوام کی آواز بن کر عملی میدان میں اتریں۔ وہ تمام سازشیں جو دن کی روشنی میں بے خوف وخطر جمعیت علمائے اسلام کے خلاف رچی گئیں، دنیا نے کھلی آنکھوں سے دیکھ لیں۔ ہمارا اصول یہی ہے کہ خاموش تماشائی بننے کے بجائے ہر سازش کو بے نقاب کریں گے اور ہر شریک جرم کو عوام کے سامنے لا کر ہی دم لیں گے۔ سازشی عناصر یہ سمجھ رہے ہیں کہ ہماری سب سے بڑی کمزوری ہمارا پرامن طرز سیاست ہے، لیکن ہم انہیں واضح کر دینا چاہتے ہیں کہ ہم کسی بھی صورت اپنے اصولوں سے پیچھے نہیں ہٹیں گے ہم مزاحمت کریں گے، قربانیاں دیں گے، مگر امن سے دستبردار نہیں ہوں گے۔ یہ ہمارے اسلاف کی روشن روایت ہے، جس پر ہم قائم رہیں گے۔

## امتحانی نتائج اور کنٹرولر کی برطرفی کی جوڈیشل انکوائری کرائی جائے، پشتونخوانیپ

**فارم 47 کی غیر نمائندہ حکومت نے تعلیم سمیت تمام اداروں کو تباہی کے دہانے پر لا کھڑا کر دیا، بیان**

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی پریس ریلیز میں بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے حالیہ میٹرک نتائج کو تعلیم دشمنی کا ایک اور افسوسناک واقعہ قرار دیا گیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ فارم 47 کی غیر نمائندہ حکومت نے تمام اداروں کو تباہی کے دہانے پر لا کھڑا کیا ہے اور اب تعلیم جیسے اہم شعبے کو بھی نہیں بخشا گیا۔ خصوصاً میٹرک کے امتحانات اور نتائج کی تیاری میں جس طرح مداخلت کی گئی، وہ قابل مذمت اور ناقابل قبول ہے۔ محنتی اور قابل طلبہ وطالبات کا حق مارا گیا۔ حکومت کی تعلیم دشمن پالیسیاں اب عملی شکل اختیار کر چکی ہیں۔ بورڈ کے قواعد وضوابط کے مطابق امتحانات کے نتائج کی تیاری اور اعلان کنٹرولر امتحانات کی ذمہ داری ہوتی ہے، مگر چیئرمین [illegible] افسران نے اس اختیار کو نظرانداز کرتے ہوئے نتائج اپنی مرضی سے مرتب کیے، کنٹرولر امتحانات نے اپنے تحفظات اعلیٰ حکام تک پہنچائے لیکن اُن کے خدشات کو سننے کے بجائے انہیں ان کے عہدے سے غیر قانونی برطرف کر دیا گیا اور ایک جونیئر افسر سے دستخط کروا کر نتائج کا اعلان کرایا گیا۔ ساتھ ہی غیر قانونی انکوائری کمیٹی تشکیل دی گئی جو سراسر ناانصافی ہے، پارٹی نے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ میٹرک کے حالیہ نتائج، کنٹرولر امتحانات کے تحفظات، اُن کی برطرفی، اور طلبہ کے ساتھ ہونے والی ناانصافی پر فوری طور پر جوڈیشل انکوائری کا اہتمام کیا جائے۔ یہ انکوائری امتحانات سے لے کر نتائج کے اعلان تک کے تمام مراحل کا احاطہ کرے اور اس میں ملوث بدنام زمانہ عناصر کو قانون کے مطابق سزا دی جائے تاکہ طلبہ کو انصاف فراہم کیا جاسکے۔

## بجلی سستی ہونے کا حکومتی دعویٰ جھوٹ کا پلندہ تھا، مولانا لونی

**حکمرانوں نے اپنی عیاشیوں کا بوجھ عوام کی جیبوں پر منتقل کر دیا، بیان**

کوئٹہ (پ ر) جمعیت نظریاتی بلوچستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی، جنرل سیکرٹری مولانا حافظ عبدالاحد کہدانی، مولانا عبدالرؤف، سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مفتی فدا محمد صوبائی سرپرست مولانا فدائے نظر ڈپٹی جنرل سیکرٹری حاجی عبیداللہ حقانی، میر مبارک محمد حسنی عبداللطیف مجاہد، مولوی رحمت اللہ حقانی ڈپٹی سیکرٹری شیر جان صالح مولانا شاہ محمد میر مبارک خان محمد حسنی اور مولانا عبدالسلام جنگ نے کہا ہے کہ بجلی سستی ہونے کا حکومتی دعویٰ جھوٹ کا پلندہ تھا بجلی کی بھاری بلز سے عوام کا خون نچوڑا گیا۔ ملازمین کی تنخواہوں سے زیادہ بجلی کی بلز کا بوجھ ڈالا گیا۔ اکثر گھرانوں کی ماہانہ آمدنی کا بیشتر حصہ بجلی کے بل کی نذر ہوتا ہے انہوں نے کہا کہ اپنی عیاشیوں کا بوجھ عوام کی جیبوں پر منتقل کر دیا گیا ہے۔

CS CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 10 JUL 2025 Page No. 17


## تنخواہوں و پنشن کی عدم ادائیگی، واسا ملازمین سراپا احتجاج، آج جلسہ عام

**یونین کے صدر بشیر احمد رند، عارف نیچاری کا سینکڑوں مزدوروں کیساتھ ہیڈ آفس میں دھرنا شدید نعرے بازی**

**فیڈریشن کا تنخواہوں کی ادائیگی کا مطالبہ، مہنگائی نے مزدور کا جینا محال کردیا ہے، صدر خان زمان**

**تنخواہیں، پنشن اور 3ماہ کے ایڈہاک ریلیف الائنس کے بقایاجات ادا کئے جائیں، سعد اللہ کاکڑ، عابد بٹ**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) واسا ایمپلائز یونین کے زیر اہتمام واسا ملازمین کی جانب سے تنخواہوں اور پنشن کی عدم ادائیگی اور 3ماہ کے ایڈہاک ریلیف الائنس کے بقایاجات نہ ملنے کے خلاف واسا ہیڈ آفس میں احتجاجی مظاہرہ کیا گیا جس میں مظاہرین نے حکومت بلوچستان، چیف سیکرٹری اور انتظامیہ واسا کے خلاف شدید نعرہ بازی کی۔ مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے بلوچستان لیبر فیڈریشن کے صدر حاجی خان زمان، واسا ایمپلائز یونین کے صدر حاجی بشیر احمد رند، عارف خان نیچاری، حاجی سعد اللہ کاکڑ، عابد بٹ، عارف بزنجو، ہمایوں بختیار، عبدالحکیم کاکڑ ودیگر رہنماں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ واسا ملازمین کے ساتھ ہر سال یہ معاملہ پیش آتا ہے کہ ملازمین کی دو سے تین ماہ کی تنخواہیں اور پنشن کم ہو جاتی ہیں اور ملازمین مجبوراً احتجاج کا راستہ اختیار کرتے ہیں تنخواہ ملازمین کا بنیادی حق ہے جن سے ملازمین کے گھر چلتے ہیں گزشتہ ماہ کا تنخواہ اور پنشن تاحال نہ ملنے کی وجہ سے ملازمین فاقہ کشی پر مجبور ہوگئے ہیں اور بچوں کی فیس ادا نہ کرنے کی وجہ سے انہیں اسکول سے نکالا گیا ہے۔ خان زمان نے کہا کہ کوئٹہ میں فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل کو بلاول بھٹو زرداری نے ملاقات میں یقین دہانی کرائی تھی کی بلوچستان میں مزدور مسائل حل ہو سکے مگر یہاں بلاول کی جماعت ملازمین و مزدوروں کو دو دو ماہ تک تنخواہوں سے محروم رکھ رہی ہے انہوں نے کہا کہ اس مہنگائی کے دور میں بمشکل تنخواہوں سے مہینے کا خرچہ چلتا ہے اور آج مزید دس دن گزرنے کے باوجود بھی ملازمین کو تنخواہیں اور پنشن نہ ملنا ملازمین کے ساتھ ناانصافی ہے انہوں نے مزید کہا کہ حکومت بلوچستان سے انتظامیہ واسا نے تنخواہوں کے لیے جو گرانٹ مانگا تھا وہ فائل انتظامیہ واسا کی نااہلی اور عدم توجہی کی وجہ سے ابھی تک زیر التوا ہے اور انتظامیہ صرف اپنے دفتر تک ہی محدود ہے قائدین نے انتظامیہ واسا سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ ایک ہفتے کے اندر اگر ملازمین کی تنخواہیں، پنشن اور 3ماہ کے ایڈہاک ریلیف الائنس کے بقایاجات ادا نہ کی گئی تو شاہراہوں پر نکل کر سخت احتجاج کیا جائے گا اور دھرنا دیا جائے گا جس سے صنعتی امن کی خرابی کا اندیشہ ہے۔ جس کی تمام تر ذمہ داری انتظامیہ واسا پر عائد ہوگی

## بلوچستان کے نوجوان دہائیوں سے محرومیوں کا شکار ہیں، جمال رئیسانی

**صوبے میں نوجوانوں کی محرومیوں کو ختم کرنے کے لیے روڈ میپ ہی موجود نہیں تھا**

**نوجوانوں کو اسلام آباد اور کوئٹہ کے سابق حکمرانوں نے ہمیشہ فیصلہ سازی سے دور رکھا**

کوئٹہ (اے این این) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، رکن قومی اسمبلی اور ینگ پارلیمنٹیرینز فورم کے جنرل سیکرٹری نوابزادہ میر جمال رئیسانی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے نوجوان دہائیوں سے محرومیوں کا شکار ہیں نوجوانوں اسلام آباد اور کوئٹہ کے سابق حکمرانوں نے ہمیشہ فیصلہ سازی سے دور رکھا۔ بلوچستان میں نوجوانوں کی محرومیوں کو ختم کرنے ...........

بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

کے لیے روڈ میپ ہی موجود نہیں تھا بلوچستان یوتھ پالیسی پر عملدرآمد بھی شروع ہو چکا بلوچستان میں محرومیاں ختم کرکے ہی غیرملکی پراکسیز کو ناکام بنایا جا سکتا ہے یہ بات انہوں نے ینگ پارلیمنٹیرینز کے ممبران سے خطاب کرتے ہوئے کہی' ایم این اے نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے اپنے کیریئر، سیاسی ورثے اور نوجوانوں کی رہنمائی پر روشنی ڈالی انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوان دہائیوں سے محرومیوں کا شکار ہیں نوجوانوں اسلام آباد اور کوئٹہ کے سابق حکمرانوں نے ہمیشہ فیصلہ سازی سے دور رکھا ماضی میں نوجوانوں کے نام پر صرف جھوٹے اور وعدے کیے گئے ایم فل اسکالرز کو لیویز سپاہی کی نوکری کیلیے درخواست جمع کراتے دیکھنا شاک سے کم نہیں تھا بلوچستان میں نوجوانوں کی محرومیوں کو ختم کرنے کے لیے روڈ میپ ہی موجود نہیں تھا

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 10 JUL 2025

Page No. 18


## حب: نامعلوم افراد نے پولیس اہلکار کی گاڑی کے نیچے بم نصب کر دیا

حب (نامہ نگار) حب کے علاقے اسد چوک کے قریب گاڑی میں بم نصب ہونے کی اطلاع پر پولیس سمیت دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں نے علاقے کو گھیرے میں لے لیا گاڑی پولیس اہلکار عبدالرشید بلوچ کی بتائی جاتی ہے۔

## دکی: گولیوں سے چھلنی 3 لاشیں برآمد

دکی (نامہ نگار) گولیوں سے چھلنی 3 افراد کی لاشیں برآمد کر لی گئیں، پولیس کے مطابق دکی کے علاقہ یاروشہرندی سے 3 افراد کی لاشیں برآمد ہوئی ہیں پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاشوں کو ہسپتال منتقل کر دیا جن کی شناخت لواحقین نے محمد علی ولد حسن علی بلوچ، محمد یونس ولد محمد عیسیٰ بلوچ اور محمد ولی ولد امیر [illegible] کی سنز علی بلوچ دکی کے ناموں سے کی ہے، لاشوں پر کالعدم تنظیم کا جھنڈا، اسلحہ اور جیکٹ بھی بندھی ہوئی تھی ضروری کاروائی کے بعد لاشوں کو ورثاء کے حوالے کر دیا گیا پولیس مزید تفتیش کر رہی ہے۔

## بی میں پولیس چوکی پر دستی بم پھینک دیا گیا، اہلکار معجزانہ طور پر محفوظ رہے

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بی میں موٹر سائیکل سواروں نے پولیس چوکی پر دستی بم پھینک دیا تاہم اہلکار معجزانہ طور پر محفوظ رہے اور کوئی نقصان نہیں ہوا پولیس کے مطابق بی میں ہرنائی ریلوے پھاٹک کے قریب قائم پولیس چوکی کے اہلکار گزشتہ شب ناکہ بندی کر کے چیکنگ کر رہے تھے کہ اسی دوران موٹر سائیکل پر سوار افراد چوکی پر دستی بم پھینک کر فرار ہو گئے، بم چوکی کے قریب گر کر زوردار دھماکے سے پھٹ گیا تاہم ڈیوٹی پر موجود اہلکار معجزانہ طور پر محفوظ رہے کوئی نقصان نہیں ہوا۔

## تربت: موٹر سائیکل سواروں کا گھر پر دستی بم سے حملہ، پانچ افراد زخمی

**زخمیوں میں تین بہن بھائی بھی شامل، بم گھر کے صحن میں گر کر پھٹا، علاقے میں سرچ آپریشن کا آغاز**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) تربت آبسر میں نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کا گھر پر دستی بم حملہ تین بہن بھائیوں سمیت پانچ افراد زخمی ہو گئے پولیس کے مطابق تربت کے آبسر بندے بازار میں رہائش پذیر محمد یونس ولد محمد اسحاق کے گھر پر گزشتہ روز نامعلوم موٹر سائیکل سوار دستی بم پھینک کر فرار ہو گئے بم گھر کے صحن میں گر کر زوردار دھماکے سے پھٹ گیا جس کے نتیجے میں حاجرہ بنت بشیر احمد 'مہلب بنت اسحاق' فاطمہ بنت طارق' نو سالہ ناز گل بنت طارق 11 سالہ ابراہیم ولد طارق زخمی ہو گئے اطلاع ملنے پر پولیس اور سیکورٹی فورسز نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے کر زخمیوں کو ہسپتال پہنچایا جبکہ علاقے کی ناکہ بندی کر کے سرچ آپریشن شروع کر دیا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5 Dated: 10 JUL 2025 Page No. 19


## قلات گندے پانی کی فراہمی کے باعث وبائی امراض پھوٹ پڑے

**پانی کی پائپ لائنوں میں سیوریج و نالیوں کا گندہ پانی شامل ہونے سے معاملہ سنگین صورتحال اختیار کرگیا**

**ہیپاٹائٹس، جلدی امراض اور پیٹ کی بیماریوں سمیت دیگر وبائی امراض میں بھی اضافہ ہوسکتا ہے، ماہرین**

قلات (نمائندہ مشرق) قلات کے کہان آباد محلے کوم میں گندے پانی کے باعث وبائی امراض پھوٹ پڑے، پانی کی پائپ لائنوں میں سیوریج و نالیوں کا گندہ پانی شامل ہونے سے معاملہ سنگین صورتحال اختیار کرگیا، پانی استعمال کے قابل نہیں، بدبودار و گندے پانی سے گلے و پیٹ کی بیماریاں پھیلنے لگیں، ماہرین صحت کے مطابق ہیپاٹائٹس، جلدی امراض اور پیٹ کی بیماریوں سمیت دیگر وبائی امراض میں بھی اضافہ ہوسکتا ہے، اہلیان قلات و ڈپٹی کمشنر قلات و ایکسین پی ایچ ای فوری نوٹس لیں، تفصیلات کے مطابق قلات کے کلی کوم کے مکینوں نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے محلے میں سرکاری واٹر سپلائی سے گھروں کو جو پانی فراہم کی جارہی ہے جو کہ چند دنوں سے اس پانی میں شدید بدبو آرہی ہے قوی امکان ہے کہ مذکورہ پائپ لائن ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے اور نالیوں کا گندہ پانی اس پانی میں شامل ہورہا ہے جس سے لوگ گلے اور پیٹ کی بیماریوں میں مبتلا ہوچکے ہیں واٹر سپلائی کا نظام شہریوں کے لئے سہولت کے بجائے خطرہ بن چکا ہے واٹر سپلائی لائنیں سیوریج نالوں سے جڑ گئی ہیں، جس کے باعث گھروں میں پینے کے پانی کی بجائے گٹروں کا آلودہ اور بدبودار پانی سپلائی کیا جارہا ہے مکینوں کا کہنا ہے کہ نالیوں سیوریج پانی اکثر لائنوں سے واپس پائپ لائنوں میں شامل ہو جاتا ہے، جو براہ راست گھروں تک پہنچتا ہے ماہرین صحت اور مقامی کلینکس کے مطابق واٹر سپلائی کے آلودہ ہونے کے باعث شہریوں میں ہیپاٹائٹس، جلدی امراض اور پیٹ کی بیماریوں میں اضافہ ہوتا ہے مکینوں نے ذمہ داران سے اپیل کی ہیکہ اس اہم مسئلے کا نوٹس لیکر پائپ لائنوں کی جلد مرمت کی جائے تاکہ کسی شہری کو جانی نقصان نہ پہنچے اور مکینوں کو صاف پانی کی فراہمی ممکن ہو۔


INTEKHAB QUETTA


## خضدار کے کئی علاقہ مکین گزشتہ کئی روز سے پانی کی بوند بوند کو ترسنے لگے

**پانی کے سپلائی کا ٹائم تبدیل کر کے لوڈشیڈنگ کے دوران پانی فراہمی کو مکمل بند کیا جائے، مطالبہ**

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار میں واپڈا کی ہٹ دھرمی اور محکمہ پبلک ہیلتھ کی لاپرواہی و مبینہ نااہلی خضدار کے کئی علاقہ مکین گزشتہ کئی روز سے پانی کی بوند بوند کو ترسنے لگے۔ محکمہ واپڈا اور پی ایچ ای کی علاقے میں پانی کی سپلائی اور بجلی لوڈشیڈنگ ایک ساتھ کررہے ہیں۔ متعدد بار محکمہ پی ایچ ای اور واپڈا دونوں کو شکایات کرنے کے باوجود کوئی بھی آفیسر توجہ دینے کو تیار نہیں اگر پانی کی سپلائی کا وقت تبدیل نہ کیا گیا تو محکمہ پی ایچ ای کے خلاف بھرپور احتجاج کیا جائیگا۔ ان خیالات کا اظہار خضدار کے عوامی وسیاسی حلقوں کے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے موقف اختیار کرتے ہوئے کہا خضدار میں شدید گرمی کے باوجود محکمہ پی ایچ ای کے آفسران شہریوں کو پانی کی بوند بوند کیلئے پریشان کرنے لگے ہیں۔ اس سلسلے میں کراچی روڈ شاہی باغ، نظام آباد، شاہوانی آباد کے علاقے مکینوں نے میڈیا کو بتایا کہ گزشتہ کئی روز سے محکمہ پی ایچ ای اور واپڈا کی انتظامیہ نے جان و بوجھ کر لوڈشیڈنگ کے دوران پانی کی سپلائی کررہی ہے۔ جبکہ علاقے میں بجلی نہ ہونے کی وجہ سے علاقہ مکین پانی کی شدید قلت کا سامنا کررہے ہیں انہوں نے کہا متعدد بار پانی کی سپلائی کے وقت کو تبدیل کرنے کیلئے محکمہ آفسران کو آگاہ کی گئی ہے تاہم آفیسران کی آفسر شاہی کے باعث گرمی سے نڈھال شہریوں پر کوئی توجہ نہیں دی جارہی ہے جسکی وجہ سے علاقہ مکین دور دراز کے علاقوں سے شدید گرمی میں بورنگ مشینوں سے پانی بھرنے میں مجبور ہوچکے ہیں انہوں نے محکمہ پبلک ہیلتھ اور محکمہ واپڈا کے اعلیٰ آفسران سے مطالبہ کیا کہ پانی کے سپلائی کا ٹائم تبدیل کر کے لوڈشیڈنگ کے دوران پانی فراہمی کو مکمل بند کیا جائے اور بجلی کے دوران واٹر سپلائی لائن چلائیں اگر نہ کیا گیا تو بصورت دیگر علاقہ مکین محکمہ آکرا کے خلاف بھرپور احتجاج کرے گی جسکی تمام تر ذمہ داری پر عائد ہوگی۔


CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 10 JUL 2025 Page No. 20


## بلوچستان میں کسی بھی شاہراہ کو احتجاج کے نام پر بند کرنے کی اجازت نہیں دینگے

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبائی اپیکس کمیٹی کا 19 واں اجلاس منعقد ہوا جس میں کور کمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان سمیت اعلیٰ عسکری اور سول حکام نے شرکت کی اجلاس میں صوبے کی مجموعی سکیورٹی صورتحال، امن عامہ اور عوامی مفادات سے متعلق اہم معاملات پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا اپیکس کمیٹی نے اسمگلنگ کے خلاف جاری مہم کو مزید مؤثر بنانے کا فیصلہ کرتے ہوئے اعلان کیا کہ اسمگلنگ میں ملوث ٹرانسپورٹ کمپنیوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی اور متعلقہ ڈرائیورز کے خلاف ایف آئی آر درج ہوں گی اجلاس میں انسداد دہشت گردی ایکٹ کے رولز کو جلد از جلد حتمی شکل دینے کی ہدایت کی گئی اپیکس کمیٹی نے واضح کیا کہ بلوچستان میں کسی بھی شاہراہ کو احتجاج کے نام پر بند کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی ریاست عام آدمی کے ساتھ کھڑی ہے کمیٹی نے غیر قانونی ترسیلات زر میں ملوث عناصر کے خلاف وفاقی تحقیقاتی ادارے "ایف آئی اے" کو مؤثر کارروائی کی ہدایت دی اور ریاست مخالف پروپیگنڈے میں ملوث سوشل میڈیا اکاؤنٹس کے خلاف کارروائی تیز کرنے کا فیصلہ کیا اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ بھتہ خوری کا مکمل تدارک کیا جائے گا تاکہ کان مالکان کو سرمایہ کاری اور کاروبار کے لیے سازگار ماحول فراہم ہو سکے اس کے علاوہ غیر قانونی تارکین وطن کے خلاف کارروائی کو بھی مزید مؤثر بنانے کا فیصلہ کیا گیا اجلاس میں پولیس اور لیویز کی جانب سے دہشت گردوں کے خلاف رسپانس میکنزم کو بہتر بنانے پر زور دیا گیا جبکہ محکمہ داخلہ کی جانب سے فورتھ شیڈول کے طریقہ کار کو ڈیجیٹلائز کرنے کے عمل پر بھی بریفنگ دی گئی ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے بھی اپیکس کمیٹی نے اہم فیصلے کیے کمیٹی نے فیصلہ کیا کہ بولان روٹ پر قومی شاہراہ کی توسیع اور ڈیرہ مراد جمالی بائی پاس صوبائی حکومت خود تعمیر کرے گی جبکہ نیشنل ہائی وے اتھارٹی کو ہدایت کی گئی کہ ویسٹرن بائی پاس کوئٹہ 25 دسمبر تک مکمل کیا جائے اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ ایل ایچ ایس پیٹرولیم مصنوعات کے ٹینکرز کو شہری آبادی میں داخل ہونے سے روکا جائے گا علاوہ ازیں پٹ فیڈر کینال منصوبے کے لیے ڈیرہ بگٹی کے علاقے میں ایف سی کی سکیورٹی فراہم کی جائے گی چمن ماسٹر پلان پر کام کی رفتار تیز کرنے اور ضلعی ترقیاتی کمیٹیوں کو فعال بنانے کے فیصلے بھی اجلاس کا حصہ رہے اپیکس کمیٹی نے بلوچستان میں 78 ویں یوم آزادی اور معرکہ حق کو جوش وجذبے سے منانے کا فیصلہ بھی کیا اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ اسمگلنگ، غیر قانونی ترسیلات زر اور بھتہ خوری میں ملوث عناصر کے خلاف سخت کارروائی ہو گی انہوں نے واضح کیا کہ بلوچستان میں کوئی بھی سڑک احتجاج کے نام پر بند نہیں ہونے دی جائے گی کیونکہ آئین اس بیمار کے ساتھ کھڑا ہے جو ایمبولینس میں زندگی کی سانسیں لے رہا ہو وزیر اعلیٰ نے ایف آئی اے کو ہدایت کی کہ ریاست کے خلاف سب ورژن میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائی تیز کی جائے انہوں نے کہا کہ کرپشن، غیر قانونی ترسیلات زر اور بھتہ خوری کو ہر صورت روکا جائے گا، نوجوانوں کو سب ورژن اور منشیات جیسی لعنتوں سے دور رکھنا وقت کی اہم ضرورت ہے انہوں نے کہا کہ کسی کو بھی ریاست کے خلاف کام کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی انہوں نے کہا کہ اگر این ایچ اے شاہراہوں کی تعمیر میں تاخیر کرے گی یا حیل وحجت سے کام لے گی تو صوبائی حکومت عوامی مفاد میں یہ شاہراہیں خود تعمیر کرے گی اسی ضمن میں بولان روٹ پر سڑک کی توسیع وکشادگی کے لیے صوبائی حکومت ایک ارب ستر کروڑ روپے فراہم کرے گی اپیکس کمیٹی کے فیصلوں پر مکمل عمل درآمد کو یقینی بنا کر بلوچستان کو پائیدار ترقی اور دیرپا امن کی راہ پر گامزن کیا جائے گا۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 10 JUL 2025 Page No. 01


## علاقائی امن و استحکام: بھارت عزائم اور پاکستان کا ذمہ دارانہ کردار!!

ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری اپنے انٹرویو میں ایک بار پھر بھارتی عزائم مکمل کر دیا کے سامنے پیش کیے ہیں اور کسی قسم کی لگی لپٹی رکھے بغیر یہ واضح کیا ہے کہ بھارت نے پاکستان کے خلاف ریاستی دہشت گردی کو ایک پالیسی کے تحت اپنایا ہوا ہے، بھارت کی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے نیٹ ورک کا ماسٹر مائنڈ اجیت دوول ہے بھارت پاکستان میں دہشت گرد کارروائیوں کی حمایت اور مالی معاونت کر رہا ہے اور ریاستی سرپرستی میں دہشت گردی کو بھارت نے بطور پالیسی پاکستان کے خلاف اپنایا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی سیاسی قیادت متعدد مواقع پر پاکستان میں دہشت گردی کی پشت پناہی کا اعتراف کر چکی ہے، امریکا اور کینیڈا سمیت کئی ممالک بھارتی ریاستی دہشت گردی کا اعتراف کر چکے ہیں لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کا کہنا تھا کہ پاکستان ایک ذمہ دار ایٹمی طاقت ہے جس کی جوہری صلاحیت ناقابل تسخیر ہے، پاکستان کا ایٹمی پروگرام مکمل طور پر محفوظ ہے اور کوئی بھی پاکستان کے ایٹمی پروگرام کو نشانہ بنانے کی جرات نہیں کر سکتا، یہ پاکستان کی دفاعی صلاحیتوں اور موجودہ علاقائی توازن پر اعتماد کی عکاسی کرتا ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے جن خیالات کا اظہار کیا ہے وہ عین حقیقت ہے بھارت پاکستان کے خلاف شیطانی منصوبوں سے باز نہیں آ رہا وہ پاکستان میں دہشت گرد کارروائیوں کی حمایت اور مالی معاونت کر رہا ہے یہ اقدام بلوچستان میں عدم استحکام پیدا کرنے کی منظم سازش کا پردہ فاش کرتا ہے یہ بھارت ہی ہے جو دہشت گردی اور عدم استحکام کی مذموم سازشیں او رمنصوبے بناتا رہتا ہے اور تلخ حقیقت یہی ہے جو ڈی جی آئی ایس پی آر نے بیان کی ہے کہ بھارت نے ریاستی سرپرستی میں دہشت گردی کو پاکستان کے خلاف اپنی پالیسی کے طور پر اپنایا ہوا ہے بھارتی سیاسی قیادت نے متعدد مواقع پر پاکستان میں دہشت گردی کی پشت پناہی کا اعتراف کیا ہے، اور یہاں تک کہ امریکہ اور کینیڈا سمیت کئی ممالک نے بھی بھارتی ریاستی دہشت گردی کو تسلیم کیا ہے یہ حقائق بین الاقوامی سطح پر بھارت کے مکروہ چہرے سے نقاب کھینچ لیتے ہیں بھارت کے اس رویے، مکروہ سازشوں اور امن دشمن پالیسیوں کا مقصد پاکستان کی ترقی اور امن کو سبوتاژ کرنا ہے۔ پاکستان نے ہمیشہ دہشت گردی کی تمام شکلوں کی مذمت کی ہے اور بین الاقوامی برادری سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ دہشت گردی کے خلاف مشترکہ کوششیں کرے پاکستان ایک ذمہ دار اور ڈکلیئرڈ ایٹمی طاقت ہے جس کی جوہری صلاحیت ناقابل تسخیر ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر کا یہ بیان پاکستان کے مضبوط دفاعی موقف کی نشاندہی کرتا ہے۔ انہوں نے یہ بھی یقین دہانی کرائی کہ پاکستان کا ایٹمی پروگرام مکمل طور پر محفوظ ہے اور کوئی بھی پاکستان کے ایٹمی پروگرام کو نشانہ بنانے کی جرات نہیں کر سکتا۔ بھارت شیطانی چالیں چلتے ہوئے ایک طرف دہشت گردی کا ارتکاب کرتا ہے اور دوسری جانب پاکستان کے خلاف بے بنیاد پروپیگنڈوں سے بھی باز نہیں آتا پاکستان ایک ذمہ دار جوہری ریاست ہے اور پاکستان نے ہمیشہ اپنے جوہری پروگرام کے حوالے سے ہر فورم پر ہر ادارے کو مطمئن رکھا ہے پاکستان کی ایٹمی صلاحیت دفاعی مقاصد کے لئے ہے وراس کا مقصد خطے میں طاقت کا توازن برقرار رکھنا ہے پاکستان نے ایک ذمہ دار ایٹمی قوت کے طور پر ہمیشہ جو بین الاقوامی قوانین اور معیار کا ہر سطح پر خیال رکھا ہے اور اس کو یقینی بنایا ہے پاکستان نے ہمیشہ ایک امن دوست اور ذمہ دار ملک کی حیثیت سے خطے میں امن، ترقی اور استحکام کی کوششوں میں فعال اور متحرک کردار ادا کیا ہے۔ اس نے ہمیشہ تنازعات کو حل کرنے اور علاقائی تعاون کو فروغ دینے کے لئے مذاکرات اور سفارت کاری پر زور دیا ہے۔ بھارت کی جانب سے دہشت گردی کی حمایت کے الزامات کے باوجود، پاکستان نے ہمیشہ تحمل اور ذمہ داری کا مظاہرہ کیا ہے پاکستان کا یہ پختہ موقف ہے کہ علاقائی امن و استحکام کے لئے تمام ریاستوں کو بین الاقوامی قوانین اور اصولوں کا احترام کرنا چاہئے۔ پاکستان نے اقوام متحدہ سمیت مختلف بین الاقوامی پلیٹ فارمز پر اس بات کو اجاگر کیا ہے کہ دہشت گردی کی کسی بھی شکل کی حمایت نہیں کی جانی چاہئے پاکستان نے ہمیشہ مذاکرات کے ذریعے تمام حل طلب تنازعات، بشمول مسئلہ کشمیر، کو حل کرنے پر زور دیا ہے۔ یہ نقطہ نظر نہ صرف علاقائی تناؤ کو کم کرتا ہے بلکہ پائیدار امن کے لئے ایک مضبوط بنیاد بھی فراہم کرتا ہے مگر وائے افسوس کہ بھارت پاکستان کی امن دوستی کو پاکستان کی کمزوری سے جوڑتا ہے جو سراسر غلط ہے پاکستان کمزور نہیں بلکہ ذمہ دار ریاست ہے پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں نمایاں کامیابیاں سمیٹیں بھارت کی مکروہ سازشوں، دہشت گردی کے واقعات کے باوجود پاکستان نے صبر و تحمل کا دامن ہاتھ سے جانے نہیں دیا ہے بلکہ اس سب کے باوجود پاکستان کی کوشش اور خواہش یہی ہے کہ خطہ امن اور ترقی کا مرکز بنے پاکستان علاقائی خوشحالی کے لئے کوشاں ہے اور ایک ذمہ دار ریاست کے طور پر، خطے میں امن اور استحکام کے لئے اپنی کوششیں جاری رکھے گا۔ اس میں علاقائی شراکت داروں کے ساتھ تعاون، سرحد پار دہشت گردی کے خلاف کوششیں، اور ایسے اقدامات شامل ہیں جو تنازعات کو کم کرنے اور بات چیت کو فروغ دینے میں مدد کریں۔ بین الاقوامی برادری کو چاہئے کہ وہ بھارت کا محاسبہ کرے بھارت کی پالیسی، جنونی جارحیت اور ریشہ دوانیاں عالمی امن کے لئے خطرہ ہیں اور ان کا سختی سے مقابلہ کیا جانا چاہئے۔ پاکستان عالمی برادری سے یہ توقع رکھتا ہے کہ وہ ذمہ دارانہ کردار ادا کرے اور کسی بھی ملک کو دوسرے ملک کے خلاف دہشت گردی کو بطور آلہ استعمال کرنے کی اجازت نہ دے پاکستان اپنے تمام علاقائی ہمسایوں کے ساتھ پرامن بقائے باہمی کے اصول پر کاربند ہے اور تمام تنازعات کو پرامن ذرائع سے حل کرنے کا خواہاں ہے۔ پاکستان کا مستقل موقف ہے کہ خطے میں پائیدار امن صرف باہمی احترام، عدم مداخلت، اور انصاف کے اصولوں پر مبنی تعلقات سے ہی ممکن ہے۔ پاکستان اپنی سرحدوں کا دفاع اور اپنے عوام کی حفاظت کرنا اچھی طرح جانتا ہے ضرورت اس امر کی ہے کہ عالمی برادری اور ہمارے اس خطے میں امن کے ٹھیکیدار بننے والے طاقتور ممالک بھارت سے باز پرس کریں بھارت کو نکیل ڈالی جائے اسے پاکستان کے خلاف ریاستی دہشت گردی کے ارتکاب سے روکا جائے مقبوضہ کشمیر میں اس کی ظلم و بربریت پر اس سے حساب کیا جائے اگر اب بھی عالمی برادری بھارت سے باز پرس نہیں کرتی تو یہ ایک ایسا المیہ ہوگا جس کی کوکھ سے مستقبل میں مزید المیے جنم لیتے رہیں گے اور علاقائی امن و استحکام خطرات میں گھرا رہے گا۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily: Balochistan Time Quetta
Bullet No. 6
Dated: 10 JUL 2025 Page No. 22

# Balochistan's Pine forests

The chilgoza (pine) forests of Balochistan, are a unique and valuable natural resource like juniper forests. These forests are home to the chilgoza pine tree, which produces a highly prized edible nut. Chilgoza nuts are a staple food for many people in Balochistan, and they are also exported to other parts of the country. Most of Chilgoza forests of Balochistan are located in Sherani and Dera Ismail Khan of KPK. The Sherani Forest is one of the largest fruit-producing areas in Balochistan located in the province's Zhob division bordering the Khyber Pakhtunkhwa (KP) province. In addition to their economic value, the chilgoza forests also play an important ecological role. They help to regulate the climate, prevent soil erosion, and provide habitat for a variety of wildlife. However, the chilgoza forests of Balochistan are under threat. Deforestation, climate change, and overgrazing are all contributing to the decline of these forests. Climate change is causing more extreme weather events, such as droughts and floods. These extreme weather events can kill trees and damage forests. The chilgoza forests of Balochistan are particularly vulnerable to the effects of climate change. Overgrazing is the grazing of livestock in an area at a rate that exceeds the vegetation's ability to recover. Overgrazing can damage trees and other plants, and it can also lead to soil erosion. Deforestation is a major problem in Balochistan, and it is one of the main threats to the chilgoza forests. But last year, a massive fire in pine nut forests had destroyed at least 10,700 acres. The decline of the chilgoza forests of Balochistan is a serious problem. These forests are important for the environment, the economy, and the people of Balochistan. Reportedly, 675 tons of pine nuts, with a total market value of 3.5 billion rupees were produced from the Koh-i-Sulaiman region during the harvesting season in 2021. According to the FAO, the chilgoza ecosystem in Pakistan is subjected to negative impacts of climate change. Chilgoza pine is an important member of the unique ecosystem of the dry temperate ecological zone and has the potential to contribute billions of rupees to the economy by providing non-timber forest products and fuel wood. The selling season of chilgoza will start from October. The preservation of the chilgoza forests of Balochistan is essential for the environment, the economy, and the culture of the region. It is inevitable that the government and forest department ought to take pragmatic steps to protect and spread pine nut forests along with other organizations. By working together, we can save this precious resource for future generations.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 10 JUL 2025

Page No.




MASHRIQ QUETTA

